Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | پیر، 08 جون 2026، 22 ذوالحجہ 1447 ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 56

پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے ترقیاتی بجٹ میں صرف ایک نیا منصوبہ متعارف کرایا گیا

نئے مالی سال کیلئے پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے ترقیاتی بجٹ میں کیلئے 1.5ارب روپے مختص کرنے کی تجویز ہے۔ جاری منصوبوں کیلئے 1.4ارب روپے جبکہ نئے منصوبوں کیلئے 10 کروڑ روپے مختص کرنے کی سفارش کی گئی ہے

ایمرجنگ ٹیکنالوجیز سینٹر کیلئے 80 کروڑ روپے خرچ کرنے کا پلان ہے، طبی آئسوٹوپس کی تیاری کی سہولت کے قیام کیلئے 39 کروڑ روپے مختص ہوں گے، منصوبے سے کینسر سمیت مختلف بیماریوں کی تشخیص اور علاج میں مدد ملے گی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) نئے مالی سال کیلئے پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے ترقیاتی بجٹ میں صرف ایک نیا منصوبہ متعارف کرایا گیا ہے۔ بجٹ میں تجویز کئے ڈیڑھ ارب روپے میں سے 1.4 جاری منصوبوں پر خرچ کرنے اور 10 کروڑ روپے نئے منصوبے کیلئے رکھنے کی سفارش کی گئی ۔سرکاری دستاویز کے مطابق نئے مالی سال کیلئے پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے ترقیاتی بجٹ میں کیلئے(بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد میں دیوان موٹرز کے زیر اہتمام مینی برانڈ ڈسپلے اور آل الیکٹرک وہیکل شوکیس کی تقریب میں چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کا استقبال کیا جارہا ہے۔

روات پولیس کا بڑا کریک ڈاؤن

10 مقدمات ٹریس، لاکھوں روپے کا مسروقہ مال برآمد

ایس ایچ او راجہ افتخار کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف گھیرا تنگ، متعدد ملزمان گرفتار

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) تھانہ روات میں نئے تعینات ہونے والے ایس ایچ او انسپکٹر راجہ افتخار نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کریک ڈاؤن کا آغاز کرتے ہوئے اہم کامیابی حاصل کر لی۔ روات پولیس نے کارروائی کے دوران چوری کی وارداتوں میں ملوث(بقیہ نمبر 2)

وزیراعلیٰ شکایات سیل کی سرگودھا میں کھلی کچہری، شکایات پر فوری کارروائی

وزیراعلیٰ مریم نواز کے ویژن کے تحت عوام کو دہلیز پر ریلیف کی فراہمی

سرگودھا (طارق قاسمی سے) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے احکامات پر عوام سے براہ راست رابطے اور عوامی مسائل ان کی دہلیز پر حل کے لئے وزیراعلیٰ شکایات سیل کی ذمہ دار ٹیم سرگودھا پہنچ گئی۔ چیئر پرسن وزیراعلیٰ پنجاب شکایت سیل صائمہ فاروق نے آرٹس کونسل کمپلیکس میں کھلی کچہری لگائی اور عوامی مسائل سنے۔ کمشنر سرگودھا حافظ شوکت علی، ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری، ڈی پی او صہیب اشرف، ایس پی انویسٹیگیشن عمران عباس چدھڑ، ایم ڈی واسا احمد ہا(بقیہ نمبر 5)

غیر محفوظ خوراک کا سدباب ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے، مریم نواز

عوام الناس، بالخصوص بچوں اور نوجوانوں کو جنک فوڈ کی بجائے متوازن اور صحت بخش غذا کے استعمال کی ترغیب دی جارہی ہے

لاہور (یو این پی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ غیر محفوظ خوراک کا سدباب ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے، تحقیقی ادارے، نجی شعبے، سول سوسائٹی محفوظ، مضبوط اور صحت افروز غذائی نظام کی تشکیل کیلئے اپنا کردار ادا کریں۔ تحفظ خوراک کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ پنجاب کہنا تھا کہ تحفظ خوراک کے عالمی دن پر محفوظ اور غذائیت سے بھرپور خوراک کی فراہمی کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں، زراعت اور غذائی نظام و ترسیل سے وابستہ ہر فرد (بقیہ نمبر 4)

راولپنڈی، ستھرا پنجاب کی گاڑی میں آگ لگ گئی، گاڑی مکمل تباہ

اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور آگ پر قابو پالیا، تاہم گاڑی کو شدید نقصان پہنچا

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی میں وارث خان کے علاقے مری روڈ پر ستھرا پنجاب پروگرام کی ایک کچرا بردار گاڑی میں اچانک آگ بھڑک اٹھی، جس کے نتیجے میں گاڑی مکمل طور پر جل کر تباہ ہوگئی۔ ریسکیو حکام کے مطابق گاڑی کچرا لے کر لیاقت باغ ٹرانسفر اسٹیشن جا رہی تھی کہ راستے میں اس میں آگ لگ گئی۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور آگ پر قابو پالیا، تاہم گاڑی کو شدید نقصان پہنچا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ستھرا پنجاب کی گاڑیوں میں آگ لگنے کا (بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد: وزیر مملکت برائے خزانہ و ریونیو جناب بلال اظہر کیانی نے فنانس ڈویژن میں پاکستان کی ویمن چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی رہنماؤں سے ملاقات کی۔ اس اعلیٰ سطحی مشاورتی اجلاس میں خواتین کی اقتصادی شمولیت، خواتین کی زیر قیادت چلنے والے کاروباری اداروں کے لیے مواقع بڑھانے اور ان کی تجاویز کو آئندہ وفاقی بجٹ میں شامل کرنے پر توجہ مرکوز کی گئی۔

وزیراعلیٰ مریم نوازشریف کا وویمن ڈے پر ڈے کیئر سنٹرز کے قیام کا عہد، تیزی سے تکمیل کی جانب گامزن

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا ہر وعدہ سچا

ہر ڈے کیئر سنٹر میں بچوں کیلئے ایجوکیشنل میٹریل، کھلونے اور ایل سی ڈی نصب ہوگی، ڈے کیئر سنٹر میں تربیت یافتہ Caregivers کیئر گیور بچوں کی دیکھ بھال پر متعین ہوگی

وزیراعلیٰ مریم نوازشریف کی ہدایت پر لاہور چیمبر آف کامرس اور بار کونسل میں بھی ڈے کیئر سنٹرز قائم، فیصل آباد میں ورکنگ وویمن کی سہولت کیلئے سرکاری اداروں میں 20 ڈے کیئر سنٹرز کا قیام

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ہر وعدہ سچ کر دکھایا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی طرف سے وویمن ڈے پر ڈے کیئر سنٹرز کے قیام کا عہد تیزی سے تکمیل کی جانب گامزن ہے۔ صوبہ بھر میں وویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے زیر اہتمام سی ایم سپیشل انیشی ایٹو کے تحت ڈے کیئر سنٹرز کا پراجیکٹ مکمل کیا جا رہا ہے۔ تمام اضلاع کے ہسپتالوں، تعلیمی اداروں اور سرکاری دفاتر میں 650 ڈے کیئر سنٹرز بنیں گے، ڈے(بقیہ نمبر 6)

جنیوا میں انٹرنیشنل لیبر کانفرنس کے 114ویں اجلاس کے موقع پر وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین اور عالمی ادارہ محنت (ILO) کے ڈائریکٹر جنرل گلبرٹ ایف ہونگبو ملاقات کر رہے ہیں۔

جنیوا میں چوہدری سالک حسین کی آئی ایل او ڈائریکٹر جنرل سے ملاقات

پاکستان مزدوروں کی فلاح اور ہنرمند افرادی قوت کی تیاری کے لیے پرعزم ہے، چوہدری سالک حسین

آئی ایل او نے مزدوروں کی فلاح کے لیے پاکستان کے اقدامات کو سراہ دیا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز اور انسانی وسائل کی ترقی چوہدری سالک حسین نے جنیوا میں انٹرنیشنل لیبر کانفرنس کے 114ویں اجلاس کے موقع پر عالمی ادارہ محنت (ILO) کے ڈائریکٹر جنرل گلبرٹ ایف ہونگبو سے ملاقات کی۔ اس موقع پر پاکستان کے آجر اور مزدور نمائندگان بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ ملاقات میں مزدوروں کے حقوق، بہتر روزگا(بقیہ نمبر 7)

حکومت اور اس کے اتحادی مکمل طور پر متحد ہیں، طلال چوہدری

بجٹ، قانون سازی اور آئینی ترامیم میں اتحادی جماعتوں کو ساتھ لے کر چلیں گے

فیصل آباد (یو این پی) وزیر مملکت برائے داخلہ سینیٹر طلال چوہدری نے کہا ہے کہ آئندہ وفاقی بجٹ تمام اتحادی جماعتوں کے بھرپور تعاون سے کامیابی کے ساتھ منظور ہوگا اور حکومتی اتحاد صرف بجٹ کی منظوری تک محدود نہیں بلکہ اسمبلی کی پوری آئینی مدت (بقیہ نمبر 23)

تصدیق شدہ بیجوں کی دستیابی میں بہتری لائی جا رہی ہے' نوید شہزاد مرزا

کسانوں کے ساتھ براہ راست رابطے کو فروغ دے رہے ہیں

لاہور (یو این پی) پنجاب سیڈ کارپوریشن کے مینیجنگ ڈائریکٹر نوید شہزاد مرزا نے کہا ہے کہ زرعی معیشت کی ترقی کیلئے تصدیق شدہ معیاری بیجوں کی فراہمی نا گزیر ہے، زیادہ پیداواری صلاحیت کے حامل بیجوں کی تیاری کے لیے ریسرچ پر خصوصی توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کسانوں کے نمائندہ وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ کسانوں کو صرف بیج فراہم کرنا نہیں بلکہ انہیں جدید کاشتکاری طریقوں، فصلوں کے درست انتخاب اور موسمی حالات کے مطابق رہنمائی دینا بھی ترجیح ہے۔ پنجاب سیڈ کارپوریشن کے تحت تصدیق شدہ بیجوں کی دستیابی میں (بقیہ نمبر 24)

لاہور ٹیکس بار کے عہدیداران اینٹی منی لانڈرنگ ایکٹ کے موضوع پر سیمینار کے موقع پر آئی اینڈ آئی ایف پی آر لاہور کے ڈائریکٹر ڈاکٹر تنویر حسین بھٹی کو پھولوں کا گلدستہ پیش کر رہے ہیں۔

تاجروں، صنعتکاروں، دیگر شعبوں کے ماہرین کی تجاویز کو بجٹ دستاویز کا حصہ بنایا جائے

بجٹ میں نئے ٹیکس عائد کرنے کے بجائے ٹیکس نیٹ کو وسعت دی جائے

لاہور (یو این پی) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت نے مشکل حالات کے باوجود معیشت کو استحکام دینے کے لیے قابل قدر اقدامات کیے ہیں، پائیدار معاشی ترقی کے لیے ضروری ہے کہ تاجروں، (بقیہ نمبر 28)

چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کی 74ویں سالگرہ کل منائی جائے گی

ملتان (یو این پی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کی 74ویں سالگرہ (کل) 9جون کو منائی جائے گی۔ سید یوسف رضا گیلانی 9جون 1952 کو (بقیہ نمبر 22)

محرم الحرام ہمیں صبر، برداشت، ایثار اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے

سرگودھا (یو این پی) قومی امن کمیٹی برائے بین المذاہب ہم آہنگی پاکستان سرگودھا کے ضلعی سیکرٹری اطلاعات شیخ نعیم طاہر نے کہا کہ محرم الحرام میں امن و امان کو برقرار رکھنے، مکمل بھائی چارے اور مذہبی ہم (بقیہ نمبر 25)

پاکستان نے بہترین سفارتکاری کے ذریعے صلاحیتوں کا لوہا منوایا

وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا ہے کہ پاکستان نے امریکہ، ایران کے معاملے میں بہترین سفارتکاری کے ذریعے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے، حلقے کی تعمیر و ترقی کیلئے ہر ممکن کردار ادا کر رہے ہیں اور ان شاءاللہ اس میں تعطل نہیں آئے گا، ہم (بقیہ نمبر 26)

لاہور ہائیکورٹ میں صوبائی جسٹس کمیٹی اجلاس (آج) ہوگا

لاہور (یو این پی) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے صوبائی جسٹس کمیٹی پنجاب کا اہم اجلاس آج (پیر) 8 جون کو لاہور ہائیکورٹ میں ہوگا۔ اجلاس میں صوبے میں عدالتی نظام، انصاف کی بروقت فراہمی اور ادارہ جاتی ہم آہنگی (بقیہ نمبر 27)

سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں 40، پنشن میں 30 فیصد اضافہ کیا جائے

بجلی کے نرخوں میں 8 روپے یونٹ کمی، فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ چارجز ختم کئے جائیں

لاہور (یو این پی) چیئرمین پبلک ایکشن فورم آصف سلیم مٹھا نے کہا ہے کہ گزشتہ چند سالوں میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں مجموعی طور پر 60 سے 80 فیصد تک اضافہ ہوا جبکہ تنخواہ دار اور دیہاڑی دار طبقے کی آمدن میں اس تناسب سے اضافہ نہیں ہوسکا جس کے باعث عوام کی قوت خرید شدید متاثر ہوئی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ حکومت بجٹ میں سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں کم از کم 40 فیصد جبکہ پنشن میں 30 فیصد اضافے کا اعلان کرے، اسی طرح نجی شعبے میں کم از کم ماہانہ اجرت بڑھا کر 60 ہزار روپے مقرر کی جائے۔ چیئرمین پبلک ایکشن فورم آصف سلیم نے مزید کہا کہ صارفین کے لیے بجلی(بقیہ نمبر 21)

پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات و ثقافت پنجاب شازیہ رضوان افسر خیابان سرسید میں محمد عمران (مانی بھائی) کو حج کی سعادت حاصل کرنے پر مبارک باد دی اور اس کے موقع پر گلاب زرخان، لطیف زرخان، سیفی کھوکھر اور پی پی 16 ڈپٹی جنرل سیکرٹری ملک رضوان افسران ہمراہ موجود ہیں۔

قلعہ عبداللہ میں شادی کی تقریب میں فائرنگ، 2 افراد جاں بحق

قلعہ عبداللہ میں جاں بحق ہونیوالے دونوں نوجوانوں کا تعلق توبہ اچکزئی سے ہے

کوئٹہ (یو این پی) بلوچستان کے ضلع قلعہ عبداللہ کے علاقے گلستان میں شادی کی تقریب میں فائرنگ سے 2 افراد جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق قلعہ عبداللہ میں فائرنگ شادی کے موقع پر منعقدہ میوزک پروگرام کے دوران ہوئی جس کے نتیجے (بقیہ نمبر 20)

ایف آئی اے نے مینا خان آفریدی کو جرمنی روانگی کے دوران آف لوڈ کر دیا

پشاور ہائی کورٹ کی جانب سے واضح احکامات موجود ہونے کے باوجود سفر کی اجازت نہیں دی

پشاور (یو این پی) خیبرپختونخوا کے صوبائی وزیر برائے اعلیٰ تعلیم مینا خان آفریدی کو جرمنی روانگی کے دوران باچا خان انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر آف لوڈ کر دیا گیا۔ مینا خان آفریدی محکمہ اعلیٰ تعلیم کی جانب سے جرمنی کی ٹوبنگن یونیورسٹی کے دورے پر جا رہے تھے کہ ایف آ(بقیہ نمبر 19)

اسلام آباد: معرکہ حق "یادگار کی تعمیراتی سائٹ پر ایک بڑی کرین ایک بلند و بالا پرچم کے پول کو اس کی جگہ پر نصب کر رہی ہے، جبکہ اس عظیم الشان ڈھانچے پر کام تیزی سے جاری ہے اور مارگلہ کی خوبصورت پہاڑیاں پس منظر میں ایک شاندار منظر پیش کر رہی ہیں۔

مری میں عطائیت کے خلاف کریک ڈاؤن

متعدد غیر قانونی کلینکس سیل، قانونی کارروائی شروع

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی اور چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ مری ڈاکٹر اظہر عباسی کی خصوصی ہدایات پر تحصیل مری میں عطائیت کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس سلسلے میں ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر مری ڈا(بقیہ نمبر 18)

اہل بیتؓ، صحابہؓ کی تعلیمات اتحاد و امن کا ذریعہ ہیں' جے یو آئی (س)

محرم میں قیام امن کیلئے تمام مسالک کو ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا چاہیے

لاہور (یو این پی) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلیٰ مولانا طیب عثمانی، نائب امیر(بقیہ نمبر 17)

فیصل آباد میں ری سائیکلنگ پر پہلی بین الاقوامی کانفرنس 10 جون کو منعقد ہوگی

فیصل آباد (یو این پی) فیصل آباد میں ری سائیکلنگ پر پہلی بین الاقوامی کانفرنس 10 جون کو منعقد ہوگی جس کی مشترکہ میزبانی یونیورسٹی آف کمالیہ، گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد اور گورنمنٹ کالج وومن یونیورسٹی فیصل آباد کریں گی۔ کانفرنس میں 300 سے زائد پالیسی ساز، محققین، کاروباری شخصیات، صنعت کار، بین الاقوامی ماہرین اور معروف کمپنیاں شریک ہوں گی، جو ری سائیکلنگ،(بقیہ نمبر 29)

میانوالی کے تھانہ مکڑوال پولیس کی کارروائی بدنام زمانہ بین الصوبائی منشیات سمگلر گرفتار

میانوالی (یو این پی) میانوالی کے تھانہ مکڑوال پولیس کی کارروائی بدنام زمانہ بین الصوبائی منشیات سمگلر سے 10 کلو اٹھ سوگرام سے زائد اعلی کوالٹی کی چرس برآمد مقدمہ درج۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ مکڑوال پولیس کو اپنے ذرائع سے پتہ چلا کہ بدنام زمانہ بین الصوبائی منشیات سمگلر بھاری مقدار میں اعلی کوالٹی کی چرس صوبہ پنجاب سمیت دیگر صوبوں (بقیہ نمبر 10)

34 ہزار پاکستانی حجاج کرام وطن واپس پہنچ گئے

مدینہ منورہ (یو این پی) فریضہ حج کی ادائیگی کے بعد اب تک 34 ہزار حجاج کرام پاکستان واپس پہنچ گئے ہیں جبکہ 84(بقیہ نمبر 13)

سیف سٹیز اتھارٹی نے سی ایم پنجاب کیو آر پینک بٹن سسٹم متعارف کرادیا

لاہور (یو این پی) پنجاب حکومت نے پبلک ٹرانسپورٹ میں سفر کرنے والے شہریوں بالخصوص خواتین اور فیملیز کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے جدید ترین ٹیکنالوجی سسٹم متعارف کرواتے ہوئے پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی نے سی ایم پنجاب کیو آر پینک بٹن سسٹم کا باقاعدہ آغاز کر دیا، پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کا کہنا ہے کہ اس ٹیکنالوجی کے نفاذ (بقیہ نمبر 15)

پنجاب اسمبلی کا 42واں اجلاس آج ہوگا، ایجنڈا جاری

لاہور (یو این پی) پنجاب اسمبلی کا 42واں اجلاس آج (پیر کو) منعقد ہوگا جس کا باقاعدہ ایجنڈا بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ اسمبلی سیکرٹریٹ کے مطابق 42ویں اجلاس کی پہلی نشست آج دوپہر 2 بجے شروع ہوگی، اجلاس کی صدارت سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کریں گے۔ جاری (بقیہ نمبر 16)

اسٹیک ہولڈرز کا مضبوط رابطہ ملک کو معاشی استحکام کی جانب لیجا سکتا ہے

پاکستان اکنامک موومنٹ ففتھ پلر کے وفد کی سابق سیکرٹری خارجہ سے ملاقات

لاہور (یو این پی) پاکستان اکنامک موومنٹ ففتھ پلر کے وفد نے سابق سیکرٹری خارجہ شمشاد احمد خان سے ملاقات کی جس میں پاکستان کی معاشی ترقی،(بقیہ نمبر 8)

چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے اسلام آباد میں دیوان موٹرز کے زیر اہتمام مینی برانڈ ڈسپلے اور آل الیکٹرک شوکیس کی تقریب کا دورہ کیا۔

گلگت بلتستان الیکشن، لیگی کارکنان اور جیالوں میں جھگڑا، ہاتھا پائی

تنازع لیگی امیدوار حافظ حفیظ الرحمٰن کے پولنگ اسٹیشن کے دورے پر ہوا

گلگت (یو این پی) گلگت میں عام انتخابات کے موقع پر جی بی اے 2 پولنگ اسٹیشن 403 پر لیگی کارکنان اور جیالوں کے درمیان جھگڑا ہوگیا اور دونوں جماعتوں کے کارکنان میں پولیس کی موجودگی میں ہاتھا پائی ہوگئی۔ رپورٹ کے مطابق تنازع ن(بقیہ نمبر 9)

بلدیاتی انتخابات میں مزید تاخیر ناقابل قبول، خاقان وحید خواجہ

اسلام آباد اور پنجاب میں فوری بلدیاتی انتخابات کرائے جائیں، مطالبہ

بلدیاتی انتخابات نہ ہوئے تو عوامی فیصلے کے ساتھ کھڑے ہوں گے، خاقان وحید خواجہ

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور راول فاؤنڈیشن اور راول جنرل ہاسپٹل کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ نے پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کرانے کی بازگشت کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ اسلام آباد میں بھی فوری طور پر بلدیاتی انتخابات کرائے جائیں۔ اخبار نویسوں کے ایک گروپ سے بات چیت کرتے ہوئے چیئرمین پاکستان عوامی قوت (بقیہ نمبر 11)

پنجاب اسمبلی کا 42واں اجلاس (آج)، دو آرڈیننسز، 10 مسودات قوانین پیش ہونگے

رواں سیشن میں ہی پنجاب کا آئندہ مالی سال کا بجٹ پیش کیا جائے گا، تمام تیاریاں مکمل کر لی گئیں

لاہور (یو این پی) پنجاب اسمبلی کا 42واں اجلاس آج (پیر) دوپہر 2 بجے شروع ہوگا، رواں سیشن میں ہی پنجاب کا آئندہ مالی سال کا بجٹ پیش کیا جائے گا۔ اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سے اجلاس کا ایجنڈا جاری کر دیا گیا ہے جس کے مطابق اجلاس میں ریونیو، کالونیز اینڈ ڈیزاسٹر مینجمنٹ سے متعلق سوالات کے جوابات دیئے جائیں(بقیہ نمبر 12)

بارہ کہو میں PAQ کے زیر اہتمام صحت کارڈز تقسیم، خواتین کی بڑی تعداد میں شرکت

خاقان وحید خواجہ کے ویژن کے تحت بارہ کہو میں راول فاؤنڈیشن کا صحت کارڈ پروگرام کامیاب

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور چیئرمین راول فاؤنڈیشن خاقان وحید خواجہ کی خصوصی ہدایت پر حلقہ NA-47 کے گنجان آباد علاقہ بارہ کہو میں صحت کارڈ تقسیم کرنے کے حوالے سے پاکستان عوامی قوت کا ایک بڑا فنکشن ہوا۔ یہ پروگرام مرکزی صدر شعبہ خواتین و ایڈوائزر ٹو چیئرمین سیدہ فردوس نے منعقد کیا(بقیہ نمبر 14)

پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور چیئرمین راول فاؤنڈیشن خاقان وحید خواجہ کی ہدایت پر بھارہ کہو میں لیڈیز ونگ کی سربراہ سیدہ فردوس صحت کارڈ تقسیم کر رہی ہیں



عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

بجٹ سے پہلے چھوٹے دکانداروں کو نئے ٹیکس کا جھٹکا

وفاقی حکومت نے چھوٹے دکانداروں کے لئے فکس ٹیکس سکیم کا اعلان کر دیا ہے۔اس سکیم سے فائلر اور نان فائلر دونوں فائدہ اٹھا سکیں گے۔جو دکاندار اس سکیم یا معمول کے نئے ٹیکس کا حصہ نہیں ہوں گے ان پر پہلے ماہ دس ہزار روپے، دوسرے ماہ پچیس ہزار اور تیسرے ماہ پچاس ہزار روپے جرمانہ عائد ہوگا۔کھوکھے اور ٹھیلے کے کاروبار کو اس سکیم سے استثناء حاصل ہوگا۔اس سکیم کا اعلان گذشتہ روز وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگ زیب اور وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی نے اسلام آباد میں اپنی مشترکہ پریس کانفرنس میں کیا۔ایف بی آر کے ممبر حامد عتیق بھی اس پریس کانفرنس میں شامل تھے۔وفاقی وزراء کا کہنا تھا کہ حکومت چھوٹے دکانداروں کے لئے فکس ٹیکس سکیم لا رہی ہے، جس کا تقاضا انجمنِ تاجراں کی جانب سے کیا گیا اور یہ ٹیکس سکیم وضع کرتے وقت بھی انجمن تاجراں سے مشاورت کی گئی۔اسی بنیاد پر انجمنِ تاجراں کے دونوں بڑے گروپوں کی جانب سے اس ٹیکس سکیم کو خوش آئیند قرار دیتے ہوئے کہا گیا ہے کہ تاجروں کے لئے جتنی آسانیاں ہوں گی اتنا ہی وہ ٹیکس نیٹ کا حصہ بنیں گے۔وفاقی وزرائے خزانہ کے بقول اس آسان سکیم کا اطلاق ان دکانداروں پر ہوگا جن کی سالانہ فروخت 20 کروڑ روپے یا اس سے کم ہوگی۔ان پر ایک فیصد فکس ٹیکس عائد ہوگا۔ان کا کہنا تھا کہ اگر پہلے سے بجلی یا کسی اور مد میں ود ہولڈنگ ٹیکس کٹا ہوا ہے تو وہ نئے فکس ٹیکس میں ایڈجسٹ ہو جائے گا۔جبکہ اس ٹیکس کے زمرے میں آنے والے ہر دکاندار کو فارم جمع کراتے وقت کم سے کم بھی 25 ہزار روپے جمع کرانا ہوں گے۔اگر دکاندار کے ٹرن اوور کی مقدار زیادہ ہوگی تو اسی حساب سے ایک فیصد ٹیکس لگے گا۔یہ ایک صفحے کا فارم ہے، جس پر دکاندار اپنے مال کی فروخت درج کریں گے۔جو دکاندار اس سکیم میں شامل ہوگا اسے ایف بی آر کی طرف سے ایک پلیٹ ملے گی جس پر کیو آر کوڈ، دکاندار کا اور دکان کا نام اور دیگر تفصیلات درج ہوں گی۔اسی طرح جو بھی دکاندار اس سکیم میں آئیں گے انہیں پی او ایس سے استثناء مل جائے گا اور کسی خصوصی آڈٹ سے قبل تاجر تنظیموں سے مشاورت کی جائے گی۔وفاقی وزرا کا کہنا تھا کہ ملک میں 30 سے 40 لاکھ چھوٹے دکاندار موجود ہیں جنہیں ٹیکس نیٹ میں لانا ایک اہم سنگِ میل ثابت ہوگا۔ان کے بقول حکومت ٹیکس نظام میں وسعت لانے کے لئے اقدامات کر رہی ہے اور ٹیکس کی شرح بڑھانے کے بجائے اسے کم کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے تاکہ ٹیکس دہندگان پر بوجھ کم کیا جا سکے۔وفاقی وزرائے خزانہ کی جانب سے پری بجٹ پریس کانفرنس میں اگرچہ چھوٹے دکانداروں کے لیے ٹیکس نظام آسان بنانے کا مژدہ سنایا گیا ہے تاہم اس وقت جب ملک پہلے ہی مہنگائی، کاروباری جمود اور معاشی غیر یقینی کی کیفیت کا شکار ہے، ٹیکس نیٹ بڑھانے کے لئے چھوٹے دکانداروں پر توجہ مبذول کرنا اسی پالیسی کا شاہکار نظر آتا ہے جس کے تحت مراعات یافتہ اشرافیہ طبقات کو ٹیکسوں کے بوجھ سے بچانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ بظاہر حکومت اس سکیم کو ٹیکس نظام کو آسان بنانے اور زیادہ سے زیادہ افراد کو ٹیکس نیٹ میں لانے کی کوشش قرار دے رہی ہے، تاہم اس اعلان نے تاجروں اور عوامی حلقوں میں متعدد سوالات کو جنم دیا ہے۔بجٹ سے قبل ایسے اقدامات یہ تاثر دے رہے ہیں کہ حکومت ایک مرتبہ پھر محصولات کے حصول کے لیے نسبتاً آسان ہدف یعنی چھوٹے کاروباری طبقے کی طرف متوجہ ہوگئی ہے جبکہ معیشت کے بڑے مگر کم دستاویزی شعبے بدستور ریاستی گرفت سے باہر ہیں۔یہ حقیقت کسی سے پوشیدہ نہیں کہ پاکستان میں ٹیکس دینے والوں کی تعداد آبادی کے تناسب سے انتہائی کم ہے۔اس کی بنیادی وجہ ٹیکس نظام کی پیچیدگیاں، انتظامی کمزوریاں اور بعض شعبوں کو حاصل غیر اعلانیہ استثنیٰ ہے۔اس صورت حال میں سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا محض چھوٹے دکانداروں کو مزید دستاویزی دائرے میں لا کر محصولات کے بڑے اہداف حاصل کیے جا سکتے ہیں؟ اگر حکومت واقعی ٹیکس نیٹ کو وسعت دینا چاہتی ہے تو اسے ان مراعات یافتہ اور بااثر طبقات کی طرف بھی توجہ دینا ہوگی جو برسوں سے اپنی اصل آمدنی اور مالی سرگرمیوں کو ٹیکس حکام سے پوشیدہ رکھنے میں کامیاب رہے ہیں۔ملک میں ایسے متعدد شعبے موجود ہیں جہاں آمدنی کے حجم اور ادا کیے جانے والے ٹیکس کے درمیان واضح عدم توازن پایا جاتا ہے۔وکلاء، پرائیویٹ پریکٹس کرنے والے ڈاکٹرز، کنسلٹنٹس، بڑے تاجر، جائیداد کے کاروبار سے وابستہ افراد اور دیگر کئی پروفیشنل طبقات ایسے ہیں جن کی ایک بڑی تعداد موثر نگرانی کے فقدان کے باعث حقیقی آمدنی کے مطابق ٹیکس ادا نہیں کرتی۔یہ صورت حال صرف قومی خزانے کو نقصان پہنچانے کے ہی مترادف نہیں بلکہ ٹیکس نظام میں عدم مساوات کو بھی فروغ دینے کا باعث بنتی ہے۔جب ایک تنخواہ دار ملازم کی آمدنی سے ٹیکس اس کی تنخواہ میں سے ہی کاٹ لیا جاتا ہے جبکہ زیادہ آمدنی رکھنے والے بعض افراد آسانی سے اس ذمہ داری سے بچ نکلتے ہیں تو اس سے معاشرتی ناانصافی کا احساس پیدا ہونا فطری امر ہے۔پاکستان کا تنخواہ دار طبقہ پہلے ہی مہنگائی، بجلی، گیس اور پٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے بوجھ تلے دبا ہوا ہے۔

نیا وفاقی بجٹ اصلاحات کا دباؤ اور معاشی توازن

احسن انصاری

پاکستان کا آئندہ وفاقی بجٹ 2026-27 ایسے وقت میں پیش کیا جا رہا ہے جب معیشت استحکام کی جانب گامزن تو ہے، مگر اسے اب بھی متعدد اندرونی اور بیرونی چیلنجز کا سامنا ہے۔ حکومت ایک طرف معاشی بحالی، ترقی اور عوامی ریلیف کے اہداف حاصل کرنا چاہتی ہے جبکہ دوسری جانب بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کے تحت کیے گئے وعدوں اور مالی نظم وضبط کی پابندی بھی ضروری ہے۔ اسی وجہ سے آئندہ بجٹ کو اصلاحات، ریونیو میں اضافے اور اخراجات کے محتاط انتظام کے تناظر میں دیکھا جا رہا ہے۔حکومت نے آئندہ مالی سال کے لیے معاشی شرح نمو تقریباً 4 فیصد سے زائد رکھنے اور مہنگائی کو سنگل ڈیجٹ سطح پر محدود کرنے کا ہدف مقرر کیا ہے۔اس کے ساتھ بنیادی سرپلس کے حصول کی کوشش بھی جاری رہے گی تاکہ قرضوں کے بوجھ کو کم کیا جا سکے اور بین الاقوامی مالیاتی اداروں کا اعتماد برقرار رہے۔تاہم عالمی سطح پر تیل کی قیمتوں میں ممکنہ اضافہ، جغرافیائی کشیدگی اور بیرونی مالی دباؤ ان اہداف کے لیے خطرہ بن سکتے ہیں۔بجٹ کا سب سے اہم پہلو محصولات میں اضافہ ہے۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو کو ریکارڈ ٹیکس وصولیوں کا ہدف دیا جا رہا ہے، جس کے لیے حکومت ٹیکس نیٹ کو وسعت دینے، ڈیجیٹل نظام متعارف کرانے اور غیر دستاویزی معیشت کو رسمی دائرے میں لانے پر زور دے رہی ہے۔ ریٹیل، ہول سیل اور سروس سیکٹر میں نگرانی کے موثر نظام کے ذریعے ٹیکس چوری کی روک تھام اور محصولات میں اضافے کی کوشش کی جائے گی۔تنخواہ دار طبقے کے لیے بجٹ خاص اہمیت رکھتا ہے۔مسلسل مہنگائی اور قوتِ خرید میں کمی کے باعث اس طبقے کو ریلیف کی توقع ہے، تاہم محدود مالی گنجائش کے باعث حکومت بڑے پیمانے پر ٹیکس چھوٹ دینے کی پوزیشن میں نظر نہیں آتی۔ امکان ہے کہ ٹیکس سلیب میں معمولی ردوبدل اور بعض ود ہولڈنگ ٹیکسوں میں نرمی دی جائے، لیکن مجموعی پالیسی محتاط رہے گی۔ جنرل سیلز ٹیکس (جی ایس ٹی) کے نظام میں اصلاحات بھی زیر غور ہیں۔ یکساں شرح کے نفاذ سے ٹیکس نظام کو آسان بنانے کی کوشش کی جا سکتی ہے، لیکن اس کے نتیجے میں بعض اشیائے صرف کی قیمتوں میں اضافہ ہونے کا خدشہ موجود ہے۔یہی وجہ ہے کہ حکومت کو ریونیو بڑھانے اور مہنگائی پر قابو رکھنے کے درمیان توازن قائم کرنا ہوگا۔کاروباری شعبے میں سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے مختلف اقدامات متوقع ہیں۔ سپر ٹیکس کو مرحلہ وار ختم کرنے اور کاروباری قوانین کو آسان بنانے کی تجاویز زیرِ غور ہیں تاکہ ملکی وغیر ملکی سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہو سکے۔تاہم بعض موجودہ ٹیکسوں اور محصولات کو برقرار رکھنے کا امکان ہے تاکہ حکومتی آمدنی میں کمی نہ آئے۔ ریٹیل اور ہول سیل سیکٹر کو ٹیکس نیٹ میں لانے کے لیے بجلی کے استعمال یا کاروباری حجم کی بنیاد پر سادہ ٹیکس نظام متعارف کرانے کی تجاویز سامنے آ رہی ہیں۔اس اقدام کا مقصد ٹیکس وصولی بڑھانا اور معیشت کی دستاویزی شکل کو فروغ دینا ہے، اگرچہ تاجروں کی جانب سے مزاحمت کا امکان بھی موجود ہے۔درآمدی ٹیرف میں اصلاحات اور صنعتی خام مال پر ڈیوٹیوں میں کمی کے ذریعے برآمدات اور صنعتی پیداوار کو فروغ دینے کی کوشش کی جائے گی۔ حکومت معیشت کو زیادہ مسابقتی بنانے، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو فروغ دینے اور صنعتی شعبے کو سہولت فراہم کرنے کے لیے متعدد اقدامات پر غور کر رہی ہے۔دفاعی اخراجات بدستور بجٹ کا ایک بڑا حصہ رہیں گے۔ خطے کی سیکیورٹی صورتحال اور دفاعی ضروریات کے باعث اس شعبے کے لیے نمایاں وسائل مختص کیے جا رہے ہیں۔دوسری جانب ترقیاتی پروگراموں کے لیے بھی فنڈ زرکھے گئے ہیں تاکہ انفراسٹرکچر، توانائی، پانی، تعلیم اور صحت کے منصوبوں پر کام جاری رکھا جا سکے، اگرچہ مالی وسائل کی کمی کے باعث ترقیاتی اخراجات پر دبا برقرار رہے گا۔توانائی کا شعبہ حکومت کے لیے ایک بڑا چیلنج ہے۔گردشی قرضے میں کمی اور مالی خسارے پر قابو پانے کے لیے لاگت پر مبنی ٹیرف نظام کی پالیسی جاری رہنے کا امکان ہے۔اس کے نتیجے میں بجلی اور توانائی کی قیمتوں میں اضافے کا خدشہ موجود ہے، جس کے اثرات کم آمدنی والے طبقوں پر زیادہ پڑ سکتے ہیں۔ اسی لیے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام اور دیگر سماجی تحفظ کی اسکیموں کو مزید مضبوط بنانے پر بھی توجہ دی جا رہی ہے۔ آئندہ برسوں میں زراعت پر ٹیکس اصلاحات، سرکاری اداروں کی تنظیم نو، نجکاری اور برآمدات پر مبنی معاشی حکمت عملی جیسے اقدامات بھی حکومتی ایجنڈے کا حصہ ہیں۔ ان اصلاحات کا بنیادی مقصد معیشت کو زیادہ پائیدار، خود انحصار اور پیداواری بنیادوں پر استوار کرنا ہے۔

☆☆☆

"حقائق کے جھروکوں سے"

تحریر: سیدہ نزہت ایوب کاظمی

جناب ابراہیم علیہ السلام طوفان نوح سے ایک ہزار اکیاسی برس بعد سرزمین بابل میں پیدا ہوئے، کہا جاتا ہے باپ کا انتقال بچپن میں ہو گیا، چچا نے تربیت کی جو آوار کہلاتا تھا۔آوار کے معنی صنم کدہ کے نگرانِ اعلیٰ کے ہیں اور اسی لفظ نے بعد میں آذر کی شکل اختیار کر لی۔ حضرت ابراہیم ع جو آذر کے ہاں رہتے سہتے تھے ایک ایسے معاشرے میں پلے بڑھے جس میں بت تراشے جاتے اور پوجے جاتے تھے اور چاند سورج اور ستاروں کی بھی پرستش ہوتی تھی۔حاکمِ وقت معبود کا درجہ حاصل کئے ہوئے تھا۔مگر اس صنم پرستی و صنم تراشی کے مرکز میں رہتے ہوئے آپ بچپن سے ہی بت پرستی کے خلاف اور مشرکانہ راہ ورسم سے بیزار تھے۔آپ اپنی قوم کی راہ روش پر کڑی نکتہ چینی کرتے اور اصنام پرستی کی مذمت کرتے ہوئے انہیں خدائے واحد کی پرستش کی دعوت دیتے۔حاکمِ وقت خود کو خدا کہتا تھا اسے یہ سب کچھ گوارا نہ تھا۔نار نمرود سے بچ جانے کے بعد وہ آپ علیہ سلام کا بدترین دشمن ہو چکا تھا۔آگ جب آپ کے لئے کھلا ہوا لالہ زار اور لہلہاتا گلزار ہو گ ءتب آپ ع کے اس اعجاز کے بعد نمرود نے انتقام کی آگ میں جھلتے ہوئے اپنے مصاحبوں کو حکم دیا کہ مال مویشی چھین کر جناب ابراہیم علیہ سلام کو جلا وطن کر دیا جائے۔شاہی فرمان سننے کے بعد جناب ابراہیم علیہ السلام نے نمرود سے کہا کہ تمہیں میرے مال مویشی چھین لینے کا کوئی حق نہیں ہے۔کہا یہ چیزیں تم نے ہماری مملکت میں رہ کر پیدا کی ہیں۔آپ علیہ سلام نے فرمایا کہ پھر میں نے جتنی عمر تمہارے شہر میں صرف کی ہے وہ مجھے واپس پلٹا دو اور یہ مال لے لو۔نمرود سے کوئی جواب نہ بن پڑا۔کہا ان کا مال انہی کے پاس رہے اور انہیں شہر بدر کر دیا جائے۔آپ علیہ سلام اپنے خاندان کو لے کر فلسطین میں چلے آئے جو اس دور میں کلیان کہلاتا تھا۔فلسطین میں آپ ع کا مسکن یروشلم سے گیارہ میل کے فاصلے پر مقام جرون تھا۔اللہ سے اولاد کی دعا کے بعد پروردگار نے آپ علیہ سلام کو جناب ہاجرہ ع کے بطن سے پہلا بیٹا جناب اسماعیل علیہ السلام عطا فرمایا اور پھر کچھ عرصے کے بعد آپ علیہ سلام کی دوسری بیوی جناب سارہ ع کے بطن سے جناب اسحاق علیہ سلام پیدا ہوئے۔یاد رہے کہ آپ علیہ سلام کے پہلی اولاد چھیاسی برس کی عمر میں پیدا ہوئی۔جب جناب سارہ ع کی گود ہری ہوئی تو انہوں نے جناب ابراہیم علیہ سلام سے کہا کہ آپ ع ہاجرہ ع اور اسماعیل ع کو کہیں اور منتقل کر دیں حضرت ابراہیم نے اس پر آمادگی ظاہر کی اور ان دونوں کو لے کر نکل کھڑے ہوئے۔قدرت کی رہنمائی اور مشیت کی کارفرمائی انہیں صحرائے حجاز کے ایک ویران گوشے میں لے آئی۔اگرچہ یہ ویرانہ انسانی آبادی اور زندگی کے سروسامان سے یکسر خالی تھا مگر کارفرمائے قدرت نے روزِ ازل سے یہ طے کر رکھا تھا کہ اسے آبادی سے بیگانہ نہ رہنے دے گا۔ بلکہ اسے ام القریٰ (ابادیوں کا سرچشمہ) قرار دے گا۔ چنانچہ جناب ابراہیم علیہ السلام کے ہاتھوں آبادی کا نقشہ ابھرا اور آپ ع نے ہاجرہ ع اور اپنے فرزند اسماعیل ع کو وہاں پر ٹھہرا دیا اور اس طرح قدرت نے اس بنجر اور خشک وادی کو آبادی سے روشناس کیا۔حضرت ابراہیم ع نے فلسطین سے نکلتے وقت جناب سارہ ع سے یہ وعدہ کیا تھا کہ وہ ان دونوں کو محفوظ مقام پر پہنچا کر فوراً واپس ہوں گے، یہاں تک کہ اپنی سواری سے بھی نہیں اتریں گے۔چنانچہ خلیلِ خدا ان دونوں کو تنہا چھوڑ کر واپسی کے ارادے سے پلٹے مگر فرمانبردار وفا شوار بیوی اور نورِ نظر کی جدائی دل کو متاثر کئے بغیر نہ رہ سکی، جب وہ کدا کے موڑ پر پہنچے تو پلٹ کر ہاجرہ ع و اسماعیل ع کی طرف دیکھا۔ان کی تنہائی و بے سروسامانی پر قلبِ مطمئن میں ارتعاش پیدا ہوا مگر اپنے رب کی رحمت پر مکمل توکل تھا سو آپ علیہ سلام انہیں رب کے حوالے کر کے لوٹ گئے۔قران مجید میں مکہ کو ام القریٰ کے نام سے بھی یاد کیا گیا ہے ان کے معنی اصل و بنیاد کے ہیں اور اس کا اطلاق ہر اس چیز پر ہوتا ہے جو اساسی و بنیادی حیثیت رکھتی ہو۔ پھر زمانوں نے دیکھا کہ اس سے انسانی سیلاب کا سرچشمہ امنڈا جو ویران خطوں اور افتادہ زمینوں سے گزرتا ہوا اطراف عالم میں پھیل گیا۔چنانچہ جب حضرت اسماعیل علیہ السلام نے قبیلہ بنی جرہم کے سردار مضاض ابن عمرو کی دختر سے شادی کی تو اس سے ان کی اولاد پھلی پھولی اور تھوڑے ہی عرصے میں تہامہ نجد اور حجاز سے لے کر فلسطین اور یمن تک پھیل گئی اور عرب عاربہ کے قدیم باشندوں کے مقابلے میں عرب کے مستعربہ کے نام سے موسوم ہوئی اور نو آبادیوں کے سلسلے قائم کرتی ہوئی دنیا کے گوشے گوشے میں بس گئی۔ یہ سرزمینِ حرم آبادیوں کی اصل و بنیاد ہونے کے علاوہ دین و ہدایت کا بھی مرکز رہا اسی سرزمین پر اللہ تعالیٰ کا پہلا گھر تعمیر ہوا۔اسی مقام سے اسلام کی عالمی دعوت نشر ہوئی، توحید کا آوازہ بلند ہوا اور اللہ تعالیٰ کے آخری دین کی بنیاد پڑی۔اسی خطے میں نزول قرآن کا آغاز ہوا، اور ہدایت کی کرنیں پھوٹیں، اور اسی کے افق سے وہ آفتاب نبوت طلوع ہوا جس کی ضو پاش کرنوں سے نہ صرف ریگزار عرب کے ذرات لو دینے لگے بلکہ اس کی شعائیں تاریک سے تاریک گوشوں کو منور کرتی ہوئیں ایشیا کے مرغزاروں سے لے کر افریقہ کے ریگزاروں تک پہنچ گئیں۔یہاں میں اپنے قاری کے سامنے اہم بات رکھنا چاہوں گی ہم نے آذر کے متعلق پڑھا کہ وہ جناب ابراہیم علیہ سلام کے چچا تھے مگر قرآنِ کریم فرقانِ حمید نے ہمیں آذر کا تعارف آپ علیہ السلام کے والد کے طور پر کرایا ہے۔محترم قاری، پاک و منزہ و مبرا اور چنی ہوئی ہستیوں کے اذکار پر مشتمل گفتگو کا سلسلہ ان شاءاللہ ہمارے کالم میں جاری و ساری رہے گا ،دعا ہے خدائے متعال ہمیں اپنے برگزیدہ بندوں کے نقشِ پا پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے آمین ثم آمین محترم قاری، آزاد اسلامی ریاست اللہ کا ہم پر احسان ہے ہمیں اس کی قدر کرنی ہے ۔بٹوارے کے وقت بھارتی حکومت کا خیال تھا کہ پاکستان ایک کمزور ملک ہے مالی حیثیت سے بھی اس نے پاکستان میں انتشاری ٹولوں کو گھسا دیا اور پھر پے در پے جنگی حملوں سے بھی اس خطے کی ساکھ کو گزند پہنچانے کی بھرپور کوشش کی مگر پاکستان کی قسمت اچھی کہ خدائے یکتا نے اسے بہادر محافظوں کا ساتھ عطا کر دیا۔جو آج تک اپنی جانوں کی پرواہ کئے بغیر دشمنوں کے ناپاک عزائم خاک میں ملا رہے ہیں۔آج دشمن سمجھ چکا ہے کہ پاکستان ایک اٹل حقیقت ہے۔دنیا میں پاکستان کے نام کا ڈنکا بج رہا ہے، اس کے باوجود کہ دشمن نے پاک کے محافظوں کو کمزور کرنے کے لئے بڑی چالیں چلیں مگر ناکام رہا۔قدرت کو جو شے پسند ہو اس کی حفاظت بھی خوب کرتا ہے، چاہے لاکھ ہوں فتنے، فساد و انتشار ارد گرد مگر وہ بچا لیتا ہے، ہم اس کی مثال یوں بھی لے سکتے ہیں کہ پھولوں میں پھول گلاب کا سردار ہے اور رب پنجتن پاک علیہم السلام نے اس کی حفاظت کا کیا خوب بندوبست کیا ہے، بہت احتیاط سے بھی ان کی طرف بڑھتا ہوا ہاتھ ان کے رکھوالوں کی زد میں آ ہی جاتا ہے۔ہمیں اپنے وطن سے اور وطن کے محافظوں سے محبت ہے۔اللہ پاکستان کے پرچم کو ہمیشہ سربلند رکھے اور اس کے محافظوں پر حیدری ع پرچم کا سایہ کئے رکھے۔آمین ثم آمین محترم قاری، دین ہو یا دنیاوی معاملات ہمارا معاشرہ تفرقوں میں بٹ کر حقائق سے بہت دور جا چکا ہے۔حقائق سے دوری ماسوائے بربادی کے کچھ نہیں۔ سچ تو یہی ہے ہمیں جو پسند ہے وہی افضل ہے۔ہمیں چاہئے تھا اپنی ضرورت پر توجہ دیتے مگر ہم اپنی خواہشات کے بندے بن گئے۔جاتے جاتے اپنے قاری سے دو اہم باتیں بے شک نبی کا ہر چھوٹا بڑا عمل حکمِ خداوندی پر منحصر ہوتا ہے نبی اپنی مرضی سے اپنی زندگی کا کوئی بھی عمل نہیں کرتے۔بے شک کہ ابراہیم علیہ سلام رضائے الٰہی کے تحت جناب ہاجرہ ع اور بیٹے اسماعیل علیہ السلام کو قلب جزیرۃ العرب کے صحرا میں اللہ کے آسرے پر چھوڑ آئے۔مگر ہم نے پڑھا کہ جب جناب ہاجرہ ع قدرت الٰہیہ کی طرف سے اولاد جیسی نعمت سے نواز دی گئیں تو جناب سارا علیہ سلام کی شدتِ خاہش نے اس قدر طول پکڑی کہ جناب ہاجرہ ع اور بیٹے اسماعیل ع کو ان کی نظروں اور علاقے سے کہیں دور چھوڑ دیا جائے، کہ جناب ابراہیم علیہ السلام کو بات ماننا ہی پڑی۔تو جب جناب ابراہیم علیہ سلام ایک بیوی کو دشت و بیابان میں چھوڑ کر واپس پلٹ رہے تھے تو اس وقت دوسری بیوی کا یہ حکم تھا کہ آپ اپنی سواری سے نہیں اتریں گے اور وہاں رکیں گے نہیں ان کو چھوڑ کر جلد واپس لوٹیں گے اور جناب ابراہیم علیہ سلام ع نے ایسا ہی کیا۔ایک نبی کے لئے یہ ایک کڑا امتحان مگر آپ ع اس میں سرخرو ٹھہرے۔کہ نبی نبی ہے کوئی عام عبد نہیں۔محترم قاری، یہ بات ان کے سوچنے لائق ہے، جن کی ایک سے زائد شادیاں ہیں یا پھر جو ایک سے زائد شادیوں کی خواہش رکھتے ہیں۔عام بشر عام بشر ہے، نہ صابر نہ شاکر نہ ہی مصیبتوں کو زیر کرنے والا، وہ ایک سے زائد شادیاں کر تو لیتا ہے مگر اپنے فرائض نبھا تے نہیں ،یہی وجہ ہے کہ آج ہمارا معاشرہ بدنمائی کا شکار ہے۔

شوبز SHOWBIZ

سرمایہ کاروں کو مل کر فلمیں بنانی چاہئیں ؛ لالی ووڈ سٹار میرا

آنے والے مہینوں میں کامیڈی فلم میں کام کرنے کا فیصلہ کر سکتی ہوں

لاہور(یو این پی) لالی ووڈ سٹار میرا نے کہا ہے کہ آنے والے مہینوں میں ایک کامیڈی فلم میں کام کرنے کا فیصلہ کر سکتی ہوں ، مجھے ذاتی طور پر سنجیدہ فلمیں زیادہ اچھی لگتی ہیں لیکن نیا تجربہ کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ایک انٹرویو میں میرا نے کہا کہ حال ہی میں ریلیز ہونے والی فلم ''سائیکو'' کو ملنے والی کامیابی سے یہ ثابت ہو گیا ہے کہ سینما انڈسٹری کی بحالی شروع ہو چکی ہے اور اس سے نئے سرمایہ کاروں کو بھی حوصلہ ملا ہے ۔انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں سرمایہ کاروں کو مل کر فلمیں بنانی چاہئیں جس سے بڑے پراجیکٹ کی فلمیں بھی بنیں گی۔

اداکارہ و گلوکارہ بالی جٹی کی 28ویں برسی آج منائی جائیگی

بالی جٹی کی آواز بہت گرج دار اور بلند تھی جو تھیٹر کی دنیا میں اس کی مقبولیت کا ایک بہت بڑا سبب تھا

لاہور(یو این پی) تھیٹر کی معروف اداکارہ و گلوکارہ بالی جٹی کی 28ویں برسی آج (پیر) 8 جون کو منائی جائے گی۔بالی جٹی کا اصل نام عنایت بی بی تھا، وہ 1937 میں ساہیوال میں پیدا ہوئیں۔1958 میں انہوں نے پنجاب کے لوک تھیٹروں سے اپنے فنی کیریئر کا آغاز کیا اور متعدد ڈراموں میں اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔ان ڈراموں میں ہیر رانجھا، سسی پنوں، سوہنی مہینوال، مرزا صاحباں، لیلیٰ مجنوں، شیریں فرہاد، پیر مرادیا، ویر جودھ، سلطانہ ڈاکو، قتل تمیزن اور نور اسلام کے نام سرفہرست ہیں۔ان ڈراموں میں وہ اداکاری کے ساتھ ساتھ گلوکاری بھی کرتی تھیں۔

مہوش حیات کا فہد مصطفیٰ کو ٹی وی ڈراموں میں مسلسل کام کرنے کا مشورہ

پرستار فہد مصطفیٰ کو بلا تعطل ڈراموں میں کام کرتے دیکھنا چاہتے ہیں

لاہور(یو این پی) نامور اداکارہ مہوش حیات نے فہد مصطفیٰ کو ٹی وی ڈراموں میں مسلسل کام کرنے کا مشورہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ فہد مصطفیٰ بہترین اور بڑے اداکار ہیں۔ایک انٹرویو میں اداکارہ نے کہا کہ میری فہد مصطفیٰ سے بڑی کیمسٹری ملتی ہے اور ہم نے کئی کامیاب پراجیکٹ کئے ہیں۔فہد مصطفیٰ نے ڈراموں میں کام کیا ہے لیکن میں سمجھتی ہوں انہیں تسلسل کے ساتھ ڈراموں میں کام کرنا چاہیے کیونکہ پرستار انہیں بلاتعطل ڈراموں میں کام کرتے ہوئے دیکھنا چاہتے ہیں۔مہوش حیات نے کہا کہ لوگوں کے دلوں میں جگہ بنانے کے لئے بڑی محنت کرنا پڑتی ہے اور اس محبت کو برقرار رکھنا اس سے بھی زیادہ مشکل کام ہے۔

معروف کمپیئر طارق عزیز کی چھٹی برسی 17 جون کو منائی جائے گی

1974 میں انہوں نے نیلام گھر کے نام سے کوئز پروگرام کا آغاز کیا

لاہور(یو این پی) معروف کمپیئر، اناؤنسر اور ٹی وی شو نیلام گھر کے میزبان طارق عزیز کی چھٹی برسی 17 جون کو منائی جائے گی۔ طارق عزیز 28 اپریل 1936 کو جالندھر (بھارت) میں پیدا ہوئے اس کے بعد ان کا خاندان ہجرت کر کے پاکستان آ گیا۔1974 میں انہوں نے نیلام گھر کے نام سے کوئز پروگرام کا آغاز کیا جو بعد ازاں طارق عزیز شو کے نام سے چلتا رہا۔طارق عزیز 1997 سے 1999 تک قومی اسمبلی کے ممبر بھی رہے، ان کا پنجابی مجموعہ، ہمزاد دا دکھ، کے نام سے شائع ہوا 1992 میں انہیں تمغہ حسن کارکردگی سے نوازا گیا۔اس کے علاوہ بھی انہیں بہت سارے اعزازات ملے 17 جون 2020 کو وہ 84 برس کی عمر میں انتقال کر گئے۔

نامور اداکار جمیل فخری کی 15ویں برسی کل منائی جائے گی

لاہور(یو این پی) معروف اداکار جمیل فخری کی 15ویں برسی کل (9 جون کو) منائی جائے گی۔ورسٹائل اداکار جمیل فخری 1946 میں لاہور میں پیدا ہوئے، انہوں نے اپنے فنی کیریئر کا باقاعدہ آغاز تھیٹر سے کیا اور پھر وہ پی ٹی وی سے منسلک ہو گئے، انکو پی ٹی وی کے مشہور ڈرامہ سیریل اندھیرا اجالا نے شہرت کی بلندیوں پر پہنچایا، ڈرامے میں پولیس انسپکٹر جعفر حسین کے کردار نے انہیں بے حد مقبول کیا، اداکار جمیل فخری نے 50 سے زائد فلموں اور متعدد ڈراموں میں کام کیا۔

☆☆☆

ماضی کی معروف اداکارہ صبیحہ خانم کی چھٹی برسی 13 جون کو منائی جائے گی

لاہور(یو این پی) پاکستان فلم انڈسٹری کی ماضی کی معروف اداکارہ صبیحہ خانم کی چھٹی برسی 13 جون کو منائی جائے گی۔فلم انڈسٹری کی پہلی سپر سٹار صبیحہ خانم کا اصل نام مختار بیگم تھا، وہ 1935 میں گجرات میں پیدا ہوئیں۔صبیحہ خانم نے فلمی سفر کا آغاز بیلی سے کیا پھر لالی ووڈ میں چار دہائیوں تک راج کیا، انہیں 6 بار نگار ایوارڈز کے ساتھ صدارتی تمغہ برائے حسن کارکردگی سے بھی نوازا گیا۔صبیحہ خانم نے نامور اداکار سنتوش کمار کے ساتھ 47 فلموں میں کام کیا، فلم حسرت کے دوران دونوں شادی کے پاکیزہ بندھن میں بندھ گئے۔

گلوکارہ منور سلطانہ کی 30 ویں برسی منائی گئی

منور سلطانہ 7 جون 1995 کو لاہور میں دنیائے فانی سے کوچ کر گئی تھیں

لاہور(یو این پی) معروف گلوکارہ منور سلطانہ کی 30 ویں برسی منائی گئی ، انہیں مداحوں سے بچھڑے 30 برس بیت گئے۔گلوکارہ منور سلطانہ 8 نومبر 1924 کو لدھیانہ میں پیدا ہوئیں، انہوں نے اپنے فلمی کیریئر کا آغاز قیام پاکستان سے پہلے فلم مہندی سے کیا، منور سلطانہ نے موسیقی کے اسرار و رموز ریڈیو پاکستان کے معروف کمپوزر عبدالحق قریشی عرف شامی سے سیکھے، پاکستان کی پہلی فلم تیری یاد کے متعدد گانے منور سلطانہ کی آواز میں ریکارڈ کئے گئے۔انہوں نے پاکستان کے ابتدائی زمانے میں متعدد فلموں کیلئے گلوکاری کی۔

شہنشاہ غزل مہدی حسن کی 14ویں برسی 13 جون کو منائی جائے گی

شہنشاہ غزل مہدی حسن نے اپنی زندگی میں 25 ہزار سے زائد فلمی گیت اور غزل گائیں

لاہور(یو این پی) شہنشاہ غزل استاد مہدی حسن کی 14ویں برسی 13 جون کو منائی جائے گی۔مہدی حسن کا تعلق موسیقی کے کلاونت گھرانے سے تھا۔وہ ہندوستان کی ریاست جے پور کے ایک گاں لونا میں 18 جولائی سنہ 1927 کو پیدا ہوئے تھے۔مہدی حسن کے والد کا نام عظیم خان تھا اور ان کا تعلق بھی موسیقی کی دنیا سے تھا۔مہدی حسن جب چھ سال کے ہوئے تو والد عظیم خان نے تان پورہ سر کر کے دیا اور کہا کہ یہی تمہارا کھلونا، یہی تمہارا مستقبل ہے۔ ننھا مہدی حسن تان پورہ سے راگوں کی شکلیں یاد کرنے لگا۔ابتدائی تعلیم اپنے والد عظیم خان اور چچا اسماعیل خان سے حاصل کی۔مہدی حسن بچپن سے ہی بہت جفاکش اور محنتی تھے۔آواز اور سانس کی پختگی کے لیے وہ شدید جسمانی کسرت بھی کرتے تھے۔یہ کسرت ان کی گائیکی کا اساس بنی اور ان کی سریلی آواز مزید نکھر گئی۔مہدی حسن کے والد اور چچا مہاراجہ بڑودہ کے دربار سے وابستہ تھے۔انہوں نے انتہائی کم عمری میں مہدی حسن کو اس قابل کر دیا کہ وہ مہاراجہ بڑودہ کے دربار میں اپنے فن کا مظاہرہ کر سکیں۔مہدی حسن کے فن کو نکھارنے میں ان کے بھائی غلام قادر نے بھی اہم کردار ادا کیا جو لکھنؤ کی موسیقی کی ممتاز درس گاہ کے فارغ التحصیل تھے۔

SPORTS سپورٹس

آئی سی سی ویمنز ٹی 20 ورلڈ کپ کے وارم اپ میچز جاری

لاہور (یو این پی) آئی سی سی ویمنز ٹی 20 ورلڈ کپ 2026 کے وارم اپ میچ میں سری لنکا کی کپتان چماری اتاپتو نے شاندار بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 94 رنز کی دھواں دار اننگز کھیلی۔ڈربی میں کھیلے گئے میچ میں پاکستان نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 8 وکٹوں کے نقصان پر 168 رنز بنائے۔اوپنرز منیبہ علی نے 36 اور گل فیروزہ نے 26 رنز بنا کر ٹیم کو اچھا آغاز فراہم کیا، تاہم منیبہ کے آؤٹ ہونے کے بعد پاکستانی بیٹنگ لائن لڑکھڑا گئی اور ٹیم 105 رنز پر 6 وکٹیں گنوا بیٹھی۔ کپتان فاطمہ ثنا نے 26 گیندوں پر 37 رنز کی جارحانہ اننگز کھیل کر ٹیم کا مجموعی رنز 168 تک پہنچایا۔جواب میں سری لنکا نے ہدف کا تعاقب انتہائی آسانی سے کر لیا۔کپتان چماری اتاپتو نے 58 گیندوں پر 94 رنز کی شاندار اننگز کھیلی جس میں 9 چوکے اور 5 چھکے شامل تھے۔ان کی اوپننگ پارٹنر وشمی گوناتھنے نے ناقابل شکست 63 رنز بنائے اور سری لنکا نے 9 گیندیں قبل ہی فتح اپنے نام کر لی۔ایک اور وارم اپ میچ میں جنوبی افریقہ نے آئرلینڈ کو 15 رنز سے شکست دی۔بارش سے متاثرہ 18 اوورز کے میچ میں جنوبی افریقہ نے 134 رنز بنائے جس میں کپتان لورا وولوارڈٹ نے 39 گیندوں پر 66 رنز کی عمدہ اننگز کھیلی۔جواب میں آئرلینڈ کی ٹیم 120 رنز پر آل آؤٹ ہو گئی۔ماریزانے کیپ نے 24 رنز دیکر 4 وکٹیں حاصل کیں۔نیوزی لینڈ نے بنگلہ دیش کو 68 رنز سے ہرایا۔کپتان امیلیا کیر نے 28 گیندوں پر ناقابل شکست 51 رنز بنائے جبکہ سوزی بیٹس نے 45 اور ایزی شارپ نے 46 رنز کی اننگز کھیلی۔بنگلہ دیش کی ٹیم ہدف کے تعاقب میں خاطر خواہ مزاحمت نہ کر سکی اور مقررہ اوورز میں مطلوبہ ہدف سے کافی دور رہ گئی۔نینسی پٹیل نے 18 رنز دیکر 4 وکٹیں حاصل کیں۔ادھر سکاٹ لینڈ نے نیدر لینڈز کو 58 رنز سے شکست دی۔جواب میں نیدر لینڈز کی پوری ٹیم 105 رنز پر ڈھیر ہو گئی۔

☆☆☆

محمد حسین الیون کا عمدہ کھیل، حسن کلب کی ٹیم کو 7 وکٹوں سے شکست

سینئر باولر دلشاد انجم سمیت تمام باولر مایوسی کی تصویر بن گئے

بوریوالا (یو این پی) محمد حسین الیون نے حسن کلب کی ٹیم کو 7 وکٹوں سے شکست دیدی۔محمد حسین الیون اور حسن کلب کی ٹیم کے درمیان 2 میچ کی سیریز کھیلی گئی جو کہ 1-1 سے برابر رہی، دونوں میچ پی ٹی ایم سکول کے گراؤنڈ میں صبح فجر کے بعد کھیلے گئے، پہلے میچ کے آخری لحات میں اعصاب شکن مقابلہ دیکھنے کو ملا اور حسن کلب کی ٹیم کامیاب رہی، جبکہ دوسرے میچ میں محمد حسین الیون کی ٹیم کو مقررہ اوور میں 51 رنز کا ٹارگٹ ملا، محمد حسین اور رانا وقاص حیدر بیٹنگ کے لئے آئے تو دونوں نے مل کر تباہی مچا دی، حسن کلب کی ٹیم کے باولروں کی خوب دھلائی کی، سینئر باولر دلشاد انجم سمیت تمام باولر مایوسی کی تصویر بن گئے اور کوئی وکٹ حاصل نہ کر سکے، جبکہ محمد حسین الیون نے ایک اوور قبل ہی ہدف پورا کر لیا، اب سیریز کا فائنل میچ جمعہ 12 جون کو کھیلا جائے گا۔

کپتانی اور ٹیم سے نکالے جانے کے بعد سوریا کمار یادیو کا ردعمل سامنے آ گیا

سوریا نے نئے کپتان شریاس ائیر کے لیے نیک خواہشات کا اظہار بھی کیا

ممبئی (یو این پی) بھارتی ٹی ٹوئنٹی ٹیم کے سابق کپتان سوریا کمار یادیو نے کپتانی سے ہٹائے جانے اور اسکواڈ سے باہر کیے جانے کے فیصلے پر اپنی خاموشی توڑ دی ہے۔ممبئی میں ایک مقامی میچ کے ٹاس کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کسی ناراضی کے بجائے نئے کپتان شریاس ائیر کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ان کا کہنا تھا کہ وہ شریاس کے ٹی ٹوئنٹی ٹیم کی قیادت سنبھالنے پر خوش ہیں۔سوریا کمار یادیو نے مزید کہا کہ انہوں نے ممبئی میں ایک ساتھ کرکٹ کھیلی ہے اور یہ بات دلچسپ ہے کہ بھارت کے پچھلے تین ٹی ٹوئنٹی کپتان --- روہت شرما، وہ خود، اور اب شریاس ائیر --- سب کا تعلق بھی ایک ہی شہر سے ہے۔واضح رہے کہ چیف سلیکٹر اجیت اگرکر نے پریس کانفرنس میں بتایا تھا کہ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ جیتنے کے باوجود سوریا کمار یادیو کی حالیہ فارم میں کمی اور مستقبل کی حکمتِ عملی کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ان کے مطابق شریاس ائیر کو آئرلینڈ اور انگلینڈ کے دوروں کے ساتھ ساتھ آئندہ ایشین گیمز کے لیے بھی کپتان مقرر کیا گیا ہے تاکہ اگلے ورلڈ کپ کے لیے ایک مضبوط ٹیم تیار کی جا سکے۔

پاکستان پیڈل رینکنگ کپ ٹورنامنٹ کی تیاریوں کے حوالے سے آرگنائزنگ کمیٹی کا اجلاس

ٹورنامنٹ میں تین کیٹگریز کے مقابلے رکھے گئے ہیں

اسلام آباد (یو این پی) پاکستان پیڈل رینکنگ کپ ٹورنامنٹ کی تیاریوں کے حوالے سے آرگنائزنگ کمیٹی کا اجلاس 13 جون کو کراچی میں ہوگا۔جس صدارت پاکستان پیڈل فیڈریشن کے صدر محمد متین کریں گے۔ اجلاس میں ایونٹ کی تیاری کے سلسلہ میں باقاعدہ ایک رپورٹ تیار کی جائے گی۔پاکستان پیڈل رینکنگ کپ ٹورنامنٹ انٹرنیشنل پیڈل فیڈریشن اور ایشیاء پیڈل فیڈریشن کی زیر سرپرستی پاکستان پیڈل فیڈریشن کے زیر اہتمام 3 جولائی سے کراچی میں شروع ہوگا۔ٹورنامنٹ میں تین کیٹگریز کے مقابلے رکھے گئے ہیں جن میں مینز، ویمنز اور مکسڈ کے مقابلے شامل ہیں۔ٹورنامنٹ میں شرکت کرنے والے کھلاڑیوں میں کے لئے رجسٹریشن کھول دی گئی ہے اور ٹورنامنٹ میں شرکت کی خواہش رکھنے والے کھلاڑی اپنی رجسٹریشن کروا سکتے ہیں۔ٹورنامنٹ کے فائنل مقابلے 5 جولائی کو کھیلے جائیں گے جس کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں ٹرافیاں، کیش ایوارڈ اور دیگر انعامات تقسیم کئے جائیں گے۔

☆☆☆

ساؤتھ ایشیاء ایتھلیٹکس فیڈریشن خطے میں ایتھلیٹکس کے کھیل کے فروغ کے لئے کوشاں ہے

لاہور (یو این پی) ساؤتھ ایشیاء ایتھلیٹکس فیڈریشن کے چیئرمین اور نائب صدر، ایشین ایتھلیٹکس فیڈریشن میجر جنرل محمد اکرم ساہی (ریٹائرڈ) نے کہا ہے کہ ساؤتھ ایشیاء ایتھلیٹکس فیڈریشن خطے میں ایتھلیٹکس کے کھیل کے فروغ کے لئے کوشاں ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ ساؤتھ ایشیاء ایتھلیٹکس فیڈریشن خطے میں ایتھلیٹکس کے کھیل کی ترقی کے لئے جونیئر اور سینئر ایتھلیٹکس چیمپئن شپ کے مقابلوں کا انعقاد کرتی ہے جس میں ساؤتھ ایشیاء کے تمام ملکوں کے کھلاڑی اپنی، اپنی قسمت آزمائی کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایتھلیٹکس فیڈریشن آف پاکستان کے زیر اہتمام نیشنل جونیئر ایتھلیٹکس چیمپئن شپ، قیوم سٹیڈیم، پشاور میں شروع ہے اور ایسے جونیئر ٹورنامنٹ باقاعدگی سے منعقد ہونے چاہئے جو کہ ایتھلیٹکس فیڈریشن آف پاکستان کے صدر بریگیڈیئر وجاہت حسین (ریٹائرڈ) کی زیر سرپرستی میں نیشنل جونیئر ایتھلیٹکس چیمپئن شپ باقاعدگی سے منعقد ہو رہی ہے اور ایسے مقابلوں میں گراس روٹ سطح پر نیا ٹیلنٹ سامنے آتا ہے۔تعلیمی اداروں میں گراس روٹ سطح پر کھیلوں کے جونیئر مقابلوں کے حوالے سے ایک سوال کے جواب میں میجر جنرل اکرام ساہی کا کہنا تھا کہ ملک میں گراس روٹ سطح پر تعلیمی اداروں میں کھیلوں کے مقابلوں کے انعقاد کو باقاعدگی کے ساتھ یقینی بنانے کی ضرورت ہے اس پر وفاقی اور صوبائی حکومتیں ٹھوس اقدامات کریں۔انہوں نے کہا کہ تعلیمی ادارے ملک میں گراس روٹ سطح پر کھیلوں کی نرسری کا کام کر سکتے ہیں اور فیڈریشنز تعلیمی اداروں کے ساتھ مل کر گراس روٹ سطح پر ٹیلنٹ کو ابھار بھی سکتی ہے۔ملک میں ایتھلیٹکس کی ترقی کے حوالے سے ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ کسی بھی ملک میں کوئی بھی کھیل حکومتی اور سپانسرز کی سرپرستی کے بغیر ترقی نہیں کر سکتا اور پرائیویٹ سیکٹرز کو کرکٹ کی طرح دوسرے کھیلوں کی ترقی کے لئے بھی کام کرنا چاہئے تاکہ ملک میں دوسرے کھیل بھی ترقی کر سکیں۔

☆☆☆

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم
اندراج تاریخ پیدائش
اندراج تاریخ وفات
اطلاع گمشدگی
تبدیلی نام
درستگی نام
اعلان لاتعلقی
عاق نامہ
اطلاع گمشدگی
تحصیلدار وراثتی اشتہار، تعلیمی بورڈ کے تمام اشتہارات اور خبروں کیلئے ادارہ کے واٹس ایپ نمبر پر دن 2:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔
Whatsapp: 0312-7786354
www.awamilalkaar.com

بقیہ 1

1.5 ارب روپے مختص کرنے کی تجویز ہے۔ جاری منصوبوں کیلئے 4 .1 ارب روپے جبکہ نئے منصوبوں کیلئے 10 کروڑ روپے مختص کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ پی اے ای سی کے ترقیاتی پروگرام کا مجموعی حجم 330.22 ارب روپے تک پہنچ گیا، ایمرجنگ ٹیکنالوجیز سینٹر کیلئے 80 کروڑ روپے خرچ کرنے کا پلان ہے۔ طبی آئسوٹوپس کی تیاری کی سہولت کے قیام کیلئے 39 کروڑ روپے مختص ہوں گے، منصوبے سے کینسر سمیت مختلف بیماریوں کی تشخیص اور علاج میں مدد ملے گی۔ کراچی کوسٹل پاور پراجیکٹ یونٹ 1 اور 2 کیلئے آئندہ مالی سال میں 10 کروڑ روپے مختص کرنیکی تجویز ہے، کراچی کوسٹل پاور پراجیکٹ پر اب تک 202.47 ارب روپے خرچ ہو چکے مزید 121 ارب روپے درکار ہیں۔ ایمرجنگ ٹیکنالوجیز سینٹر کی مجموعی لاگت کا تخمینہ 2 ارب 89 کروڑ روپے ہے، موسمیاتی تبدیلی سیم آہنگ فصلوں کی ہائبرڈ اقسام کی تیاری کیلئے اسپیڈ بریڈنگ پلیٹ فارم منصوبہ بجٹ میں شامل ہے۔ کلائمیٹ اسمارٹ ہائبرڈ کراپس منصوبے کیلئے 20 کروڑ روپے مختص کرنے کی تجویز ہے، ایڈوانس فیوژن ریسرچ کے فروغ کیلئے نئی اسکیم متعارف کرانے کی تجویز ہے، ایڈوانس فیوژن ریسرچ کی استعداد بڑھانے کیلئے 10 کروڑ روپے مختص کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔

بقیہ 2

ملزمان کو گرفتار کر کے 10 مختلف مقدمات ٹریس کر لیے جبکہ لاکھوں روپے مالیت کا مسروقہ سامان بھی برآمد کر لیا۔ پولیس کے مطابق برآمد ہونے والے سامان میں طلائی و چاندی کے زیورات، مصنوعی جیولری، لیپ ٹاپ، ٹیبلیٹس، موبائل فونز، قیمتی گھڑیاں، پرفیومز، سینیٹری آئٹمز، گھریلو سامان اور نقد رقم شامل ہے۔ برآمد شدہ سامان مختلف چوری کے مقدمات سے تعلق رکھتا ہے جسے ٹریس کر کے متاثرہ شہریوں کی دادرسی ممکن بنائی گئی۔ ذرائع کے مطابق ایس ایچ او راجہ افتخار نے چارج سنبھالتے ہی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کا دائرہ وسیع کرتے ہوئے پولیس ٹیموں کو متحرک کر دیا ہے، جس کے نتیجے میں جرائم پیشہ گروہوں کے گرد گھیرا تنگ ہونا شروع ہو گیا ہے۔ حالیہ کارروائی کو روات میں جرائم کے خلاف جاری مہم کی اہم کامیابی قرار دیا جا رہا ہے۔ واضح رہے کہ انسپکٹر راجہ افتخار اس سے قبل تھانہ ریس کورس میں بطور ایس ایچ او فرائض سرانجام دے چکے ہیں جہاں انہوں نے متعدد اہم مقدمات کی ٹریسنگ اور جرائم کے خلاف کامیاب کارروائیوں کے ذریعے اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا لوہا منوایا تھا۔ روات میں تعیناتی کے بعد بھی انہوں نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف سخت مؤقف اختیار کرتے ہوئے واضح پیغام دیا ہے کہ قانون شکن عناصر کے لیے کسی قسم کی گنجائش نہیں ہوگی۔ شہری اور سماجی حلقوں نے روات پولیس کی حالیہ کارروائی کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے توقع ظاہر کی ہے کہ جرائم کے خاتمے اور امن و امان کے قیام کے لیے مزید مؤثر اقدامات دیکھنے کو ملیں گے۔

بقیہ 3

یہ پانچواں واقعہ ہے۔

بقیہ 4

تحفظ خوراک کو یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ دن بذریعہ خوراک ممکنہ بیماریوں اور خطرات کی روک تھام، ان کی بروقت نشاندہی اور مؤثر انتظام کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے، خوراک سے پیدا ہونے والی بیماریوں، اموات اور صحت عامہ پر ان کے اثرات کے عالمی، علاقائی اور قومی تخمینہ کی جامع رپورٹ بھی شائع کی گئی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ غیر محفوظ خوراک سے پیدا کردہ بیماری اور غذائی قلت کا سدباب ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے، پنجاب زرخیز زمین، محنتی کسان اور زرعی صلاحیتوں و وسائل سے مالا مال ہے۔ مریم نواز نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی، پانی کی قلت، آبادی میں اضافہ، خوراک کے بدلتے رجحانات جیسے چیلنجز کا سامنا ہے، ان مسائل کے حل کے لئے مربوط اور متقاضی حکمت عملی پر کام جاری ہے، پنجاب حکومت زرعی پیداوار بڑھانے اور موسمیاتی اثرات کی کمی کے لئے زرعی تحقیق اور ٹیکنالوجی پر مبنی جامع اقدامات کر رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ کا کہنا تھا کہ تحقیقی اداروں، نجی شعبے، سول سوسائٹی سے اپیل ہے کہ محفوظ، مضبوط اور صحت افروز غذائی نظام کی تشکیل کیلئے اپنا کردار ادا کریں، عوام کو کیمیکلز، ملاوٹ اور غیر معیاری اشیا سے پاک، خالص اور غذائیت سے بھرپور خوراک کی فراہمی ہر شہری کا بنیادی حق ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ کے وژن کی روشنی میں پنجاب فوڈ اتھارٹی (PFA) صوبہ بھر میں معیاری خوراک کی فراہمی اور ملاوٹ مافیا کے خلاف سخت ترین کریک ڈاؤن کر رہی ہے، خوراک کے ضیاع کو روکنے کیلئے شادیوں اور دیگر تقریبات میں ون ڈش کی پالیسی پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جا رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ چھوٹے دکانداروں اور ریڑھی بانوں کی سطح پر خوراک کے معیار کو بہتر بنانے اور حفظانِ صحت کے اصولوں پر عمل کرانے کیلئے خصوصی اقدامات کئے گئے ہیں۔ مریم نواز نے مزید کہا کہ عوام الناس، بالخصوص بچوں اور نوجوانوں کو جنک فوڈ کی بجائے متوازن اور صحت بخش غذا کے استعمال کی ترغیب دی جا رہی ہے۔

بقیہ 5

رون اور ایم ڈی ستھرا پنجاب اتھارٹی رانا محمد ابوبکر نے بھی چیئرپرسن کے ہمراہ مسائل سن کر بعض درخواست گزاروں کے مسائل موقع پر حل جبکہ پیچیدہ معاملات کو تیزی سے حل کرنے کے لئے متعلقہ محکموں کے افسران کو موقع پر ضروری ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر دیگر انتظامی محکموں کے افسران بھی موجود تھے۔ پر ہجوم کھلی کچہری کے دوران شہریوں نے محکمہ مال، پولیس، صفائی ستھرائی، سیوریج، زمین پر قبضہ سے متعلقہ مسائل کی نشاندہی کی اور مجموعی طور پر 246 سے زائد درخواست گزاروں نے اپنی شکایات پر مبنی درخواستیں پیش کیں۔ چیئرپرسن وزیراعلیٰ پنجاب شکایت سیل صائمہ فاروق نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق شہریوں کے مسائل کے ازالہ کے لئے سرگرم عمل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ اضلاع کے دورے کر کے ڈویژنل، ضلعی اور پولیس انتظامیہ کے ہمراہ کھلی کچہریاں لگا رہی ہیں جہاں درخواست گزاروں کو کھل کر مسائل بیان کرنے اور ہر ممکن ریلیف فراہم کرنے کے لئے اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے عوام کو درپیش مشکلات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ایک ہی جگہ تمام محکموں کی موجودگی میں درخواست گزاروں کا موقف بھی سنا گیا اور بیشتر مسائل موقع پر ہی حل ہو گئے تاہم دیگر درخواستیں متعلقہ محکموں کے سپرد کی گئی ہیں جس کا مسلسل فالو اپ لے کر درخواست گزاروں کو آگاہ رکھنے کے ساتھ مسئلہ حل کرانے تک چین سے نہیں بیٹھیں گے۔ کمشنر سرگودھا حافظ شوکت علی نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایت پر چیئرپرسن شکایت سیل کی سربراہی میں ایک چھت تلے عوامی مسائل سنے گئے اور شہریوں کی درخواستوں پر شفاف انداز میں کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے مسائل سنتے ہوئے کہا کہ قانون کی بالادستی یقینی بنائی جا رہی ہے اور درخواست گزاروں کو ریلیف کی فراہمی میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی۔ انہوں نے بتایا کہ کھلی کچہری کے دوران آنے والی محکموں سے متعلقہ شکایات کے حل کے لئے افسران کو ٹائم لائن دے دی گئی ہے۔

بقیہ 6

کیئر سنٹرز کی تعمیر کے لئے ایک ارب روپے مختص کیے گئے ہیں - وویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی سیکرٹری ثمن رائے نے بتایا کہ پہلے مرحلے میں 390 ڈے کیئر سنٹرز کے قیام کا ہدف مقرر کیا گیا ہے جن میں سے 350 ڈے کیئر سنٹرز مکمل فنکشنل ہو چکے ہیں جبکہ 40 زیر تکمیل ہیں - وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے اگلے مالی سال تک 650 ڈے کیئر سنٹرز کے قیام کا ہدف بھی مقرر کر دیا ہے - بتایا جاتا ہے کہ ہر ڈے کیئر سنٹر میں بچوں کے لئے ایجوکیشنل میٹریل، کھلونے اور ایل سی ڈی نصب ہوگی - ڈے کیئر سنٹر میں تربیت یافتہ (Caregiver) کیئر گیور بچوں کی دیکھ بھال پر متعین ہوگی - ابتدائی طور پر وویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ (Caregiver) کیئر گیور کی تنخواہ ادا کرے گا - پنجاب بھر کے دانش سکولوں میں ورکنگ وویمن ٹیچرز اور سٹاف کے لئے ڈے کیئر سنٹرز قائم ہو چکے ہیں - جنوبی پنجاب اور دور دراز اضلاع میں ترجیحاً گرلز کالجز اور ہسپتالوں میں بھی ڈے کیئر سنٹر قائم کئے گئے ہیں - پنجاب وویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے زیر اہتمام ڈے کیئر سنٹرز میں آن لائن مانیٹرنگ سسٹم فنکشنل ہے - لاہور میں سرکاری دفاتر، تعلیمی اداروں اور ہسپتالوں میں ورکنگ وویمن کی سہولت کے لئے 86 ڈے کیئر سنٹرز کا ٹارگٹ مقرر کیا گیا جن میں سے 70 فنکشنل ہو چکے ہیں - وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر لاہور چیمبر آف کامرس اور بار کونسل میں بھی ڈے کیئر سنٹرز قائم ہو چکے ہیں - فیصل آباد میں ورکنگ وویمن کی سہولت کے لئے سرکاری اداروں میں 20 ڈے کیئر سنٹرز کا قیام عمل میں لایا گیا ہے - بھکر میں 21، شیخوپورہ میں 18، لیہ میں 17، خانیوال میں 15، اوکاڑہ میں 14، ننکانہ صاحب میں 13، سیالکوٹ اور وہاڑی میں 12، 12 ڈے کیئر سنٹرز فنکشنل ہو چکے ہیں - بہاولپور میں 17، ملتان میں 16، گجرانوالہ میں 12، راولپنڈی اور سرگودھا میں 7، 7 ڈے کیئر سنٹرز بھی فنکشنل ہو گئے - وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ورکنگ وویمن کا تحفظ اور ان کو بہترین سہولتوں کی فراہمی ترجیحات میں شامل ہے - ورکنگ وومن کی سہولت کے لئے صوبہ بھر میں ڈے کیئر سنٹرز بن رہے ہیں -

بقیہ 7

ر، سماجی تحفظ، ہنر مند افرادی قوت کی تیاری اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی گئی۔ وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین نے کہا کہ پاکستان مزدور طبقے کی فلاح، محفوظ اور باعزت روزگار، اور نوجوانوں کو جدید ہنر فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کر رہا ہے تاکہ پاکستانی افرادی قوت عالمی سطح پر بہتر مواقع حاصل کر سکے۔ انہوں نے عالمی لیبر معاہدوں پر عملدرآمد اور مزدوروں کے تحفظ کے لیے پاکستان کی پیش رفت سے بھی آگاہ کیا۔ آئی ایل او کے ڈائریکٹر جنرل گلبرٹ ایف ہونگبو نے مزدوروں کی فلاح اور سماجی انصاف کے لیے پاکستان کے اقدامات کو سراہتے ہوئے باہمی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 8

کاروباری شعبے کی بہتری اور بزنس کمیونٹی کو درپیش چیلنجز و مواقع پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاکستان اکنامک مومنٹ ففتھ پلر کے صدر عابد علی بٹ کی میزبانی میں ہونے والی ملاقات میں سرپرست اعلیٰ میاں انجم نثار، سینئر نائب صدر ظفر محمود، جے ایف کے کے صدر ڈاکٹر اعجاز اے قریشی، قصور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر کاشف کھوکھر، چیزیس فوڈز کے سی ای او عمران اعجاز اور افشاں صباح سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ شرکاء نے پاکستان کو درپیش معاشی چیلنجز اور دستیاب مواقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایسی پالیسیاں مرتب کرنے پر زور دیا جو پائیدار معاشی ترقی، سرمایہ کاری کے فروغ، کاروباری سرگرمیوں میں وسعت اور نوجوانوں میں کاروباری رجحانات کو فروغ دینے میں معاون ثابت ہوں۔ سابق سیکرٹری خارجہ شمشاد احمد خان نے پاکستان کی معاشی صورتحال، بین الاقوامی تعلقات اور قومی ترقی میں نجی شعبے کے کردار پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ پالیسی سازوں، کاروباری رہنماؤں اور معاشی ماہرین کے درمیان مؤثر رابطہ اور تعاون ہی ملک کو معاشی استحکام اور خوشحالی کی جانب لے جا سکتا ہے۔ پاکستان اکنامک مومنٹ ففتھ پلر کی قیادت نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ تنظیم ملک کی معاشی ترقی، کاروباری برادری کی مضبوطی اور قومی مفاد میں مثبت اقدامات کے لیے ایک مؤثر پلیٹ فارم کے طور پر اپنا کردار جاری رکھے گی۔ شرکاء نے اس بات پر اتفاق کیا کہ پاکستان کے معاشی استحکام، کاروباری ترقی اور قومی خوشحالی کے لیے مشترکہ حکمت عملی اور مسلسل تعاون کو فروغ دیا جائے گا۔

بقیہ 9

لیگی امیدوار حافظ حفیظ الرحمٰن کے پولنگ اسٹیشن کے دورے پر ہوا، ان کے پولنگ اسٹیشن کے اندر جانے پر پیپلز پارٹی کارکنوں نے اعتراض کیا جس کے بعد ن لیگ اور پیپلز پارٹی کے کارکنان آپس میں گتھم گتھا ہو گئے۔ گلگت بلتستان کے نگران وزیر داخلہ جی بی ساجد بیگ بھی اس وقت پولنگ اسٹیشن پر موجود تھے، پولنگ اسٹیشن پر پولیس کی بھاری نفری تعینات تعینات کر دی گئی۔

بقیہ 10

کو سپلائی کرنے کی کوشش کر رہا ہے، جس پر پولیس نے فوری طور پر کارروائی کر کے بدنام زمانہ بین الصوبائی سمگلر محمد شریف سکنہ ضلع کرک (صوبہ کے پی کے) کو گرفتار کر کے 10 کلو اٹھ سو گرام اعلیٰ کوالٹی کی چرس برآمد کر لی، منشیات سمگلر کے خلاف تھانہ کٹڑوال میں تعزیرات پاکستان کی دفعہ 9-C کا تحت مقدمہ درج کر لیا ہے، پولیس دوران تفتیش مذکورہ سمگلر سے سنسنی خیز انکشافات کی توقع کر رہی ہے۔

بقیہ 11

خاقان وحید خواجہ نے کہا کہ ہماری پارٹی حقیقی معنوں میں اقتدار کو بلدیات کی سطح پر منتقل کرنے کی حامی ہے اور ہم سمجھتے ہیں کہ عوام کے مسائل ہی بلدیاتی انتخابات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سے پہلے بھی پنجاب میں اور اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کی تاریخوں کا اعلان کیا گیا امیدواروں نے بھاری بھاری فیسیں جمع کرائیں بلدیاتی انتخابات کی تیاریاں کیں لیکن عین وقت پر حکومت بلدیاتی انتخابات کرانے سے مکر گئی جس سے عوام میں شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اسلام آباد میں بھی فوری طور پر بلدیاتی انتخابات کرائے اور پنجاب میں بھی یہ عوام کا بنیادی حق ہے جو ان سے نہ چھینا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اگر حکومت اس مرتبہ بھی اپنے بلدیاتی انتخابات کرانے کے اعلان اور وعدے سے پیچھے ہٹی تو ہم عوام کے پاس جائیں گے اور ان کے فیصلے کے ساتھ ہوں گے۔

بقیہ 12

گے۔ توجہ دلاؤ نوٹسز اور تحاریک التوائے کار بھی ایجنڈے کا حصہ ہیں۔ ایجنڈے کے مطابق اجلاس میں پنجاب فوڈ سیفٹی لاز (ترمیمی) آرڈیننس 2026 اور پنجاب جوڈیشل اکیڈمی (ترمیمی) آرڈیننس 2026 سمیت 10 مسودات قوانین بھی ایوان میں پیش کئے جائیں گے۔ مسودات قوانین میں پنجاب ٹرسٹس (ترمیمی)، آغا خان جائیدادیں (وراثت اور منتقلی)، پنجاب سبزی منڈی (لاہور) (منسوخی) بل، سرکاری شعبہ طبی جامعات (ترمیمی)، پنجاب اراضی ملکیتوں کے انضمام (منسوخی)، انسداد دہشت گردی (پنجاب ترمیمی)، سوسائٹیز رجسٹریشن (ترمیمی)، پنجاب مرکز امتیاز برائے پرتشدد انتہا پسندی کا انسداد (ترمیمی)، پنجاب عادی مجرموں اور سماج دشمن رویوں کے کنٹرول اور قائد اعظم انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ سائنسز، سرگودھا بل ایوان میں پیش کئے جائیں گے۔ اجلاس کے لئے تمام تیاریاں مکمل کر لی گئیں۔

بقیہ 13

ہزار 791 پاکستانی حجاج اب بھی سعودی عرب میں موجود ہیں۔ رپورٹ کے مطابق 250 خدام الحجاج بھی اپنے فرائض کی انجام دہی کے بعد پاکستان واپس آ چکے ہیں۔ حجاج کرام کو ہوائی اڈوں پر رش اور پریشانی سے بچانے کیلئے رہائش گاہوں پر سامان کی بورڈنگ (سٹی چیک ان) کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ حجاج کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ مقررہ شیڈول کے مطابق اپنا سامان تیار رکھیں، جبکہ وطن روانگی سے 24 تا 48 گھنٹے قبل سامان کی بورڈنگ کا عمل مکمل کیا جا رہا ہے۔ دوسری جانب پوسٹ حج آپریشن کے تحت اب تک 15 ہزار سے زائد پاکستانی حجاج کی ریاض الجنۃ کی زیارت مکمل ہو چکی ہے، پاکستانی حجاج کی وطن واپسی کی پروازوں کا سلسلہ 30 جون تک جاری رہے گا۔

بقیہ 14

۔ اس پروگرام میں چیئرمین پاکستان عوامی قوت و راول فاؤنڈیشن خاقان وحید خواجہ کے وژن، منشور اور پارٹی کے مشن کے حوالے سے خواتین کو آگاہی دی گئی۔ اور راول فاؤنڈیشن کی ممبر شپ اور صحت کارڈ پروجیکٹ کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ یہ تقریب بارہ کہو کی خاتون ممبر رقیہ علاؤ الدین نے منعقد کروائی۔ تمام انتظامات حاجرہ اور فرحت نے کیے۔ بارہ کہو کے مختلف محلوں سے بڑی تعداد میں خواتین نے شرکت کی۔ اس فنکشن کا خاص مقصد صحت کارڈ کی تقسیم تھا۔ بارہ کہو کی بہت بڑی تعداد میں خواتین نے صحت کارڈ بنوانے کے لیے راول فاؤنڈیشن کے ممبر شپ فارم پُر کیے تھے، جس کے نتیجے میں صحت کارڈز تقسیم کیے گئے۔ اس تقریب میں شرکاء نے پاکستان عوامی قوت زندہ باد، پاکستان زندہ باد، پاک فوج زندہ باد کے نعرے لگائے۔

بقیہ 15

سے پبلک ٹرانسپورٹ میں اسٹریٹ کرائمز اور خواتین سے چھیڑ چھاڑ جیسے واقعات کا سدِ باب کرنے میں مدد ملے گی اور شہری خود کو دورانِ سفر محفوظ محسوس کر سکیں گے۔ تفصیل کے مطابق پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی نے پبلک ٹرانسپورٹ میں ہنگامی صورتحال، ہراساں کیے جانے یا کسی بھی ناگہانی واقعے سے فوری نمٹنے کیلئے ایک سمارٹ حل پیش کر دیا ہے، اس نئے سسٹم کے تحت اب صوبے بھر میں چلنے والی تمام پبلک ٹرانسپورٹ گاڑیوں کو سیف سٹیز کے کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر سے براہ راست منسلک کیا جا رہا ہے، اس سسٹم کا دائرہ کار پنجاب بھر میں پھیلایا جائے گا۔ منصوبے کے تحت جن گاڑیوں میں لازمی طور پر کیو آر پینک بٹن نصب کیے جائیں گے ان میں بسوں اور ویگنوں میں مسافروں کی آسانی سے پہنچ والے مقامات پر یہ کوڈز لگائے جائیں گے، رکشوں اور ٹیکسیوں سمیت دیگر تمام پبلک ٹرانسپورٹ گاڑیوں میں بھی اس سسٹم کی تنصیب کو یقینی بنایا جائے گا، سی ایم پنجاب کیو آر پینک بٹن ایک انتہائی سادہ لیکن تیز ترین ریسپانس سسٹم ہے۔ رپورٹ کے مطابق دورانِ سفر کسی بھی ایمرجنسی، حادثے یا ہراساں کیے جانے کی صورت میں مسافر اپنے موبائل فون سے گاڑی میں موجود کیو آر کوڈ کو اسکین کریں گے، کوڈ اسکین ہوتے ہی مسافر کی لائیو لوکیشن اور گاڑی کی معلومات فوری طور پر پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کے کنٹرول روم اور مقامی پولیس کو منتقل ہو جائیں گی، الرٹ موصول ہوتے ہی قریبی پولیس موبائل یا ڈولفن فورس کے اہلکار فوری طور پر جائے وقوعہ کی طرف روانہ کر دیئے جائیں گے، جس سے مدد کا درکار وقت منٹوں سے سیکنڈوں میں تبدیل ہو جائے گا۔

بقیہ 16

ایجنڈے کے مطابق اجلاس میں محکمہ بورڈ آف ریونیو پوچھے گئے سوالات کے جوابات دے گا، ارکان اسمبلی ایوان میں توجہ دلاؤ نوٹسز پیش کریں گے، اجلاس میں 5 تحریک التوا کار زیر بحث آئیں گی۔ پنجاب فوڈ سیفٹی لا (ترمیم) آرڈیننس 2026، پنجاب جوڈیشل اکیڈمی (ترمیم) آرڈیننس 2026 بھی پیش کیا جائے گا۔ ایجنڈے کے مطابق اجلاس میں 10 نئے مسودہ قوانین پیش ہوں گے، اجلاس میں 2 مسودہ قوانین منظوری کے لئے پیش کئے جائیں گے، ارکان اسمبلی اہم نوعیت کے عوامی معاملات اٹھائیں گے۔

بقیہ 17

مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد ٹیپو، عبدالحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس سمیت دیگر رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ اہل بیتِ اطہارؓ اور صحابہ کرامؓ کی تعلیمات اتحاد، اخوت، رواداری اور امن کا بہترین ذریعہ ہیں۔ جمعیت علمائے اسلام نے ہمیشہ ملک میں محبت، بھائی چارے، مذہبی ہم آہنگی اور قومی یکجہتی کے فروغ کے لیے مثالی کردار ادا کیا ہے۔ محرم الحرام کے دوران قیام امن اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو یقینی بنانے کے لیے تمام مکاتب فکر کو ذمہ داری، تحمل اور بردباری کا مظاہرہ کرنا چاہیے تاکہ ملک کا امن و استحکام متاثر نہ ہو اور شر پسند عناصر اپنے مذموم عزائم میں کامیاب نہ ہو سکیں۔ رہنماؤں نے مزید کہا کہ رسول اکرم ﷺ کے اہل خانہ کا ہر فرد ہمیں اپنی جان سے زیادہ عزیز، محترم اور قابلِ تکریم ہے، جبکہ نبی کریم ﷺ کے محبوب صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے محبت، عقیدت اور احترام بھی ایمان کا اہم تقاضا ہے۔ صحابہ کرامؓ اور اہل بیتؓ اطہار دونوں امت مسلمہ کے لیے مینار نور کی حیثیت رکھتے ہیں اور ان کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر ہی اتحاد امت کو مضبوط بنایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحابہ یا اہل بیت میں سے کسی ایک کے ساتھ بھی بغض و عناد رکھنا دنیا و آخرت میں نقصان اور روز قیامت گرفت کا سبب بن سکتا ہے، لہٰذا تمام مسلمانوں کو چاہیے کہ وہ صحابہ کرام اور اہل بیتِ اطہار سے محبت و عقیدت کو اپنے ایمان کا حصہ بنائیں اور ان کے اسوہ حسنہ کو اپنی زندگیوں میں اپنائیں۔ انہوں نے کہا کہ اتحاد امت، قومی یکجہتی اور باہمی احترام ہی ملک میں پائیدار امن اور استحکام کی ضمانت ہیں، اور تمام مذہبی و سماجی طبقات کو اس مقصد کے حصول کے لیے مشترکہ کردار ادا کرنا چاہیے۔

بقیہ 18

کٹر مریم علی عباسی کی نگرانی میں مختلف علاقوں میں خصوصی آپریشن کیا گیا جس کے دوران متعدد غیر قانونی کلینکس اور عطائی مراکز کو سیل کر دیا گیا۔ محکمہ صحت کی ٹیموں نے گھوڑا گلی، ملاچھ بازار، کنڈا بازار، مانگا اور جھیکا گلی سمیت مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے ایسے مراکز کی نشاندہی کی جہاں بغیر لائسنس اور قانونی اجازت کے طبی خدمات فراہم کی جا رہی تھیں۔ چھاپوں کے دوران متعدد غیر قانونی کلینکس کو فوری طور پر سیل کر دیا گیا جبکہ ذمہ دار افراد کے خلاف قانونی کارروائی کے لیے چالان پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن کو بھجوا دیے گئے ہیں۔ محکمہ صحت کے حکام کے مطابق عطائیت کے خاتمے اور عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے ضلع بھر میں نگرانی کا عمل مزید سخت کر دیا گیا ہے۔ غیر تربیت یافتہ اور غیر مستند افراد کی جانب سے طبی خدمات کی فراہمی نہ صرف قانون کی خلاف ورزی ہے بلکہ انسانی جانوں کے لیے بھی سنگین خطرہ ثابت ہو سکتی ہے۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر مریم علی عباسی نے کہا کہ عطائیت عوامی صحت کے لیے ایک بڑا چیلنج اور سنگین خطرہ ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ مری میں غیر قانونی طبی مراکز اور عطائیوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور کسی کو بھی انسانی جانوں سے کھیلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ علاج معالجے کے لیے صرف مستند اور رجسٹرڈ ڈاکٹرز اور صحت مراکز سے رجوع کریں تاکہ کسی بھی ممکنہ نقصان سے بچا جا سکے۔

بقیہ 19

ئی اے حکام نے انہیں بیرونِ ملک جانے سے روک دیا۔ صوبائی وزیر مینا خان آفریدی کا کہنا ہے کہ پشاور ہائی کورٹ کی جانب سے واضح احکامات موجود ہونے کے باوجود انہیں سفر کی اجازت نہیں دی گئی۔

بقیہ 20

میں 2 نوجوان موقع پر جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق دونوں کو فوری طور پر ٹراما سنٹر لے جایا گیا اور ضروری کارروائی کے بعد لاشوں کو لواحقین کے حوالے کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق قلعہ عبداللہ میں جاں بحق ہونے والے دونوں نوجوانوں کا تعلق توبہ اچکزئی سے ہے، واقعہ کی تحقیقات کی جا رہی ہیں

بقیہ 21

کے نرخوں میں کم از کم 8 روپے فی یونٹ کمی اور فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ چارجز ختم کئے جائیں جس سے ایک اوسط گھرانے کا ماہانہ بجلی بل 2 ہزار سے 5 ہزار روپے تک کم ہو سکتا ہے۔ اسی طرح پٹرولیم مصنوعات پر عائد لیوی میں بھی 70 سے 80 روپے کی کی جائے جس سے مہنگائی کی مجموعی شرح میں بھی نمایاں کمی آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ بجٹ کو محض اعداد و شمار تک محدود رکھنے کے بجائے اسے حقیقی معنوں میں عوام دوست بنایا جائے تاکہ مہنگائی سے پریشان عوام کو عملی ریلیف مل سکے۔

بقیہ 22

جنوبی پنجاب کے معروف سیاسی و مذہبی پیر گھرانے میں پیدا ہوئے۔ ملتان کا گیلانی خاندان گزشتہ کئی برسوں سے میدان سیاست میں فعال کردار ادا کر رہا ہے۔ سید یوسف رضا گیلانی چھ مرتبہ رکن اسمبلی منتخب ہو چکے ہیں وہ سپیکر قومی اسمبلی اور وفاقی وزیر ریلوے بھی رہ چکے ہیں انہیں پاکستان کے سب سے طویل عرصہ وزیر اعظم رہنے کا اعزاز بھی حاصل ہے۔

بقیہ 23

کے دوران برقرار رہے گا جبکہ تمام اہم قومی فیصلوں، قانون سازی اور ترامیم میں اتحادی جماعتوں کو ساتھ لے کر چلنے کی پالیسی پر عمل کیا جائے گا۔ تاجروں کے ساتھ اجلاس کے بعد فیصل آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سینیٹر طلال چوہدری نے بجٹ کے حوالے سے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ قومی سطح پر مختلف نوعیت کی خبریں گردش کر رہی ہیں تاہم حکومت اور اس کے اتحادی مکمل طور پر متحد ہیں اور آئندہ بجٹ بھرپور انداز میں منظور کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اتحادی جماعتوں کے اپنے اپنے تحفظات اور ترجیحات ہو سکتی ہیں جو جمہوری عمل کا حصہ ہیں لیکن حکومت تمام شراکت داروں کو اعتماد میں لے کر آگے بڑھے گی۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بھی بجٹ، آئینی ترمیم یا اہم قانون سازی ہو، حکومت کی کوشش ہوگی کہ تمام اتحادی جماعتیں اور دیگر سیاسی قوتیں اس عمل میں شامل رہیں اور قومی مفاد کے معاملات پر وسیع تر اتفاق رائے پیدا کیا جائے۔ جڑانوالہ کو ضلع بنانے کے بارے میں پوچھے گئے سوال کے جواب میں وزیر مملکت نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے اپنے ابتدائی دو سالہ دور میں جڑانوالہ کو غیر معمولی ترقیاتی فنڈز فراہم کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پورے پنجاب میں شاید ہی کسی شہر کو جڑانوالہ کے برابر ترقیاتی گرانٹس ملی ہوں جن کے ذریعے شہری بنیادی ڈھانچے، سڑکوں اور دیگر شہری سہولتوں کی بہتری پر خصوصی توجہ دی گئی۔ طلال چوہدری نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے قائد میاں محمد نواز شریف کی جانب سے جڑانوالہ کے عوام سے کیے گئے وعدے مرحلہ وار پورے کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بہت سارے ترقیاتی اقدامات پر پیش رفت جاری ہے جبکہ سیوریج اور شہری سہولتوں کے منصوبے بھی تکمیل کے مراحل میں ہیں۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ جڑانوالہ کی مزید ترقی اور انتظامی ضروریات سے متعلق وعدے بھی پورے کیے جائیں گے تاکہ علاقے کے عوام کو جدید اور بہتر شہری سہولتیں فراہم کی جا سکیں۔

بقیہ 24

بہتری لائی جا رہی ہے تاکہ فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ممکن ہو سکے اور غذائی تحفظ کو بھی یقینی بنایا جا سکے۔ نوید شہزاد مرزا نے کہا کہ غیر معیاری اور جعلی بیج کے استعمال سے فصلوں کو شدید نقصان پہنچتا ہے جس کے تدارک کے لیے آگاہی مہم اور فیلڈ سطح پر نگرانی کا نظام مضبوط کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسانوں کے ساتھ براہ راست رابطے کو فروغ دے رہے ہیں اور فیلڈ وزٹس کے ذریعے ان کے مسائل کو فوری حل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ پنجاب سیڈ کارپوریشن کا فوکس جدید زرعی تحقیق کو عملی سطح پر کسان تک پہنچانا ہے اور اس مقصد کے لیے نئی اقسام کے بیج متعارف کرائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 25

آہنگی کے لئے قومی امن کمیٹی فعال کردار ادا کرے گی جس کے لئے تنظیم کا "امن کارواں" تمام تحصیلوں کا دورہ کر کے علما کرام اور منتظمین جلوس و مجالس سے ملاقات کر کے محرم ضابطہ اخلاق اور جلوس و مجالس ایس او پیز پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنائے گا۔ ذرائع کے مطابق قومی امن کمیٹی برائے بین المذاہب پاکستان ضلع سرگودھا کے سیکرٹری اطلاعات شیخ نعیم طاہر نے کہا کہ محرم الحرام میں امن و امان کو برقرار رکھنے، مکمل بھائی چارے، مذہبی رواداری اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کے لئے تنظیم فعال کردار ادا کرے گی جس کے لئے چیئرمین حافظ وقاص قاسمی کی زیر صدارت اجلاس میں فرقہ واریت کے خاتمہ پر زور دیتے ہوئے فیصلہ کیا گیا کہ محرم الحرام کو پر سکون اور پرامن بنانے کے لئے تمام مکاتب فکر اور بین المذاہب ہم آہنگی کیلئے جاری کاوشوں اور رابطہ مہم کو تیز کیا جائے گا اور "امن کارواں" ضلعی صدر ملک ضیا الحق کی قیادت ضلع بھر کی تحصیلوں کا دورہ کر کے علما کرام اور منتظمین جلوس و مجالس سے ملاقات کر کے محرم ضابطہ اخلاق اور جلوس و مجالس ایس او پیز پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنانے کے لئے مؤثر اقدامات کرئے گا انہوں نے بتایا کہ اختلاف رائے یا علاقہ میں کسی بھی جگہ کشیدگی کی صورت میں قومی امن کمیٹی کے اراکین وہاں امن کی فضا کو برقرار رکھنے میں انتظامیہ کی مکمل معاونت سے مناسب لائحہ عمل اختیار کیا جائے۔ اراکین نے مرکزی امام بارگاہ کے منتظمین سے ملاقات میں محرم الحرام کے دوران امن و امان کے قیام، جلوسوں اور مجالس کے پرامن انعقاد، ضابطہ اخلاق کی پابندی، بین المسالک ہم آہنگی، باہمی احترام اور مذہبی رواداری کے فروغ پر زور دیا اور منتظمین کو امن و امان کی فضا کو برقرار رکھنے کے لئے انتظامیہ سے مکمل تعاون کا عزم کیا اور کہا کہ محرم الحرام کے دوران اتحاد و اتفاق کی فضا برقرار رکھنے اور کسی بھی قسم کے اختلافی امور کو افہام و تفہیم اور باہمی مشاورت کے ذریعے حل کرنے پر اعادہ کیا۔ مقررین نے اس بات پر زور دیا کہ امن و امان کے قیام اور مذہبی ہم آہنگی کے فروغ کیلئے انتظامیہ، پولیس، علما کرام اور امن کمیٹیوں کے درمیان مسلسل رابطہ اور تعاون ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ محرم الحرام ہمیں صبر، برداشت، ایثار اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے۔ اس لئے تمام مکاتب فکر محرم الحرام کے ایام میں جلوس و مجالس کے انعقاد میں امن و محبت کے فروغ کیلئے اپنا مثبت کردار ادا کریں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ امن و امان، مذہبی ہم آہنگی اور رواداری کے قیام کیلئے مسلسل رابطہ کو فروغ دیا جائیگا اور محرم ضابطہ اخلاق پر مکمل عمل درآمد، جلوس و مجالس کے مقررہ اوقات کی پابندی، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ تعاون اور باہمی مشاورت کو مؤثر بنانے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے گی۔ آخر میں امن و امان اور بھائی چارے کے ساتھ ملک کی سلامتی اور استحکام کی دعا کی گئی۔

بقیہ 26

بلاتفریق ہر طبقے کیلئے مؤثر آواز اٹھا رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے حلقہ این اے 97 کے دورہ کے موقع پر مختلف برادریوں کے عمائدین اور اہل علاقہ سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ہمایوں اختر حلقے میں انتقال کر جانے والوں کے گھروں میں بھی گئے جہاں انہوں نے ورثاء سے اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا کہ حلقے کی تعمیر و ترقی اولین ترجیح ہے، ہم نے اپنے عمل سے ثابت کیا ہے کہ عہدے اہمیت نہیں رکھتے بلکہ آپ کی نیت خالص ہونی چاہیے۔ ہم نے حلقے میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے لئے فلٹریشن پلانٹس کے قیام، شاہراہوں کی تعمیر سمیت دیگر کئی منصوبوں پر عملی پیشرفت کرائی ہے۔ ان شا اللہ آئندہ بھی حلقے کے لوگوں کی آواز کو مؤثر انداز میں ذمہ داران تک پہنچائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان ہمارا اثاثہ ہیں، انہیں قومی دھارے میں شامل کرنے کیلئے کئی منصوبے سوچ رکھے ہیں، ہم پر عزم ہیں کہ انہیں شروع کر کے پایہ تکمیل تک بھی پہنچائیں گے۔ ہمایوں اختر خان نے عوام کو یقین دلایا کہ حلقے کی محرومیوں کے خاتمے کے لیے کوششیں جاری رہیں گی، این اے 97 کو ترقی یافتہ اور مثالی حلقہ بنانے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ 27

سے متعلق اہم امور پر غور کیا جائے گا۔ اجلاس میں مختلف انتظامی اور قانونی معاملات بھی زیر بحث آئیں گے۔ اجلاس میں چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان، آئی جی پنجاب عبدالکریم، آئی جی جیل خانہ جات میاں فاروق نذیر، ایڈووکیٹ جنرل پنجاب محمد امجد پرویز اور پراسیکیوٹر جنرل سید فرہاد علی شاہ، ڈی جی اینٹی کرپشن پنجاب سہیل ظفر چٹھہ، لاء اینڈ جسٹس کمیشن پاکستان کے سیکرٹری سمیت دیگر اعلیٰ سرکاری افسران شرکت کریں گے۔

بقیہ 28

صنعتکاروں اور دیگر شعبوں کے ماہرین کی تجاویز کو بجٹ دستاویز کا حصہ بنایا جائے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ آئندہ بجٹ میں تاجر برادری کو ریلیف دینے کے لیے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں پر ٹیکسوں کا بوجھ کم کیا جائے، فکسڈ ٹیکس نظام کو آسان بنایا جائے اور کاروباری لاگت میں کمی کے لیے بجلی کے نرخوں میں مناسب ریلیف فراہم کیا جائے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ بینکوں سے کاروباری قرضوں کے حصول کے طریقہ کار کو آسان اور شرح سود کو کم کیا جائے تاکہ سرمایہ کاری اور کاروباری سرگرمیوں میں اضافہ ہو سکے۔ اشرف بھٹی نے کہا کہ تاجر برادری معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے اور ملکی محصولات میں اہم کردار ادا کرتی ہے اس لیے ٹیکس نظام کو سادہ، شفاف اور کاروبار دوست بنایا جانا چاہیے۔ انہوں نے تجویز دی کہ نئے ٹیکس عائد کرنے کے بجائے ٹیکس نیٹ کو وسعت دی جائے تاکہ موجودہ ٹیکس دہندگان پر اضافی بوجھ نہ پڑے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ آئندہ بجٹ میں ایسے اقدامات اٹھائے جائیں گے جو کاروباری سرگرمیوں، سرمایہ کاری، روزگار کے مواقع اور برآمدات میں اضافے کا باعث بنیں گے۔

بقیہ 29

سرکلر اکانومی اور پائیدار صنعتی تبدیلی کے عملی راستوں پر تبادلہ خیال کریں گی۔ ترجمان جی سی یونیورسٹی کے مطابق یہ کانفرنس یونیورسٹی آف کمالیہ (UKM)، گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد (GCUF) اور گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی فیصل آباد (GCWUF) کے اشتراک سے منعقد کی جا رہی ہے، جس کی قیادت پروفیسر ڈاکٹر یاسر نواب، وائس چانسلر، یونیورسٹی آف کمالیہ؛ پروفیسر ڈاکٹر رف اعظم، وائس چانسلر، گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد؛ اور پروفیسر ڈاکٹر کنول امین، وائس چانسلر، گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی فیصل آباد کریں گے۔ مذکورہ کانفرنس میں مختلف صنعتی شعبوں سے تعلق رکھنے والے تقریباً 80 سے 100 چیف ایگزیکٹو آفیسرز اور کمپنی سربراہان کی شرکت کریں گے۔ انہوں نے بتایا کہ کانفرنس ری سائیکلنگ اور سرکلر اکانومی کے موضوع پر صنعت اور اکیڈیمیا کے اہم ترین اجتماعات میں سے ایک ہوگی۔ ایک روزہ کانفرنس صبح 9:30 بجے سے شام 6:00 بجے تک جاری رہے گی، جس میں اعلیٰ سطحی پینل مباحثے، کلیدی خطابات، مدعو لیکچرز، تکنیکی پریزنٹیشنز اور متوازی موضوعاتی سیشنز شامل ہوں گے نیز موضوعات میں ٹیکسٹائل سرکولیریٹی، صنعتی ری سائیکلنگ، پلاسٹک ویسٹ ویلیورائزیشن، بایو ڈی گریڈ ایبل مواد، اسمارٹ ویسٹ سسٹمز، ایگرو فوڈ ویسٹ کا مؤثر استعمال، بایو انرجی، ویسٹ واٹر کا دوبارہ استعمال، ٹریس ایبلٹی، پائیدار مواد اور سرکلر پروڈکٹ سسٹمز شامل ہیں جبکہ دیگر میں ٹیکسٹائل، فیشن، فٹ ویئر، پولٹری، پلاسٹکس، ایگرو فوڈ، ری سائیکلنگ ٹیکنالوجیز، ویسٹ مینجمنٹ، انٹرپرینیورشپ اور پائیدار مینوفیکچرنگ شامل ہیں۔ کانفرنس کا ایک اہم مقصد یونیورسٹیوں، چیمبرز، بلدیاتی اداروں، صنعتوں، کاروباری شخصیات اور بین الاقوامی شراکت داروں کو باہم منسلک کر کے سرکلر فیصل آباد کو ایک علاقائی ماڈل کے طور پر فروغ دینا بھی ہے۔ کانفرنس میں جرمنی، کینیا، برطانیہ، نیدرلینڈز، سری لنکا اور ایسٹونیا سے بین الاقوامی ماہرین کی شرکت بھی متوقع ہے جو سرکلر اکانومی، ٹیکسٹائل ری سائیکلنگ، ٹریس ایبلٹی، پائیدار سپلائی چینز اور ویسٹ ٹو ویلیو اختراعات کے حوالے سے عالمی نقطہ نظر پیش کریں گے۔ اس کے علاوہ 15 سے زائد جامعات سے تعلق رکھنے والے مقررین اس کانفرنس میں اپنی تحقیقی بنیادوں پر تیار کردہ حل پیش کریں گے۔ گے۔

بقیہ 30

کر تحویل میں لے لیا، بتایا گیا ہے کہ ڈپٹی کمشنر محمد طیب خان کی زیر نگرانی اور ڈسٹرکٹ سول ڈیفنس آفیسر فرحانہ عزیز کی سربراہی میں محکمہ سول ڈیفنس کے بم ڈسپوزل سکواڈ نے کارروائی کرتے ہوئے تحصیل ظفروال میں تھانہ ٹپیالہ کی حدود میں دھم تھل کے مقام پر بھارتی ساختہ 18 پونڈ وزنی اینٹی ٹینک مائن 1A برآمد کر کے ناکارہ بنا کر تحویل میں لے لیا، اس حوالے سے ڈسٹرکٹ سول ڈیفنس آفیسر فرحانہ عزیز کا کہنا ہے کہ محکمہ سول ڈیفنس عوام کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے دن رات مصروف عمل ہے۔

بقیہ 31

!! مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما، صوبائی امیدوار حاجی نواز گڈو جلیانہ اپنے ڈیرے پر ن لیگیوں اور میڈیا سے اظہار خیال کر رہے تھے، انہوں نے کہا کہ معاشرتی بہتری کیلئے پنجاب حکومت نے تاریخی اقدامات کئے ہیں، خاص طور پر صفائی اور سینیٹیشن کے شعبے میں نمایاں پیشرفت ہوئی ہے، حالیہ عیدالضحیٰ پر ستھرا پنجاب کی مثال قائم کی ماضی میں دیہی علاقوں میں گندگی کو معمول سمجھ لیا گیا تھا، تاہم موجودہ قیادت نے اس سوچ کو بدلنے کا فیصلہ کیا، صوبے بھر کے اضلاع اور تحصیلوں میں ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹس کی تنصیب اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے، ابتدائی طور پر عوامی تحفظات موجود تھے، تاہم حکومتی اقدامات سے ان خدشات کو دور کیا گیا اور اب صفائی کے نظام میں بہتری نظر آ رہی ہے، جب ادارے مؤثر انداز میں کام کریں تو عوامی حمایت خود بخود حاصل ہو جاتی ہے۔

بقیہ 32

سے تھا۔ پولیس ذرائع نے بتایا کہ واقعے کی مختلف پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں، ہلاک ملزم کا موبائل فون فورنزک کے لئے بھجوا دیا گیا جبکہ فورنزک شواہد کی روشنی میں تحقیقات کو مزید آگے بڑھایا جائے گا۔ حکومتِ بلوچستان نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر ماہ نور کو علاج و معالجے کے لئے کراچی منتقل کر دیا گیا ہے، متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کی صحت سے متعلق صورتحال کی مسلسل نگرانی کی جا رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ تیزاب گردی کے افسوسناک واقعے میں ملوث ملزم اپنے انجام کو پہنچ چکا ہے، قانون کی عملداری پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، خواتین کے خلاف تشدد اور جرائم میں ملوث عناصر کے لئے بلوچستان میں کوئی جگہ نہیں۔ صدر ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن نے کہا کہ سیکرٹری صحت بلوچستان، ایم ایس اور سیکورٹی انچارج سول ہسپتال کو برطرف کیا جائے۔

بقیہ 33

پولیس کی حدود اور دیگر علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے غیر قانونی طور پر قائم منی پٹرول پمپس کو چیک کیا۔ کارروائی کے دوران چھ ڈسپنسر مشینیں قبضے میں لے لی گئیں جبکہ غیر قانونی پٹرول فروخت کرنے والی دکانوں کو سیل کر دیا گیا۔ یہ منی پٹرول پمپ بغیر کسی لائسنس کے قائم کیے گئے تھے اور ان میں آگ لگنے کی صورت میں نمٹنے کے لئے کوئی آلات بھی موجود نہ تھے لہٰذا مفاد عامہ کے لیے کارروائی عمل میں لائی گئی، محکمہ شہری دفاع کے حکام نے کہا ہے کہ انسانی جانوں اور املاک کے تحفظ کیلئے غیر قانونی اور حفاظتی تقاضے پورے نہ کرنے والے پٹرول پوائنٹس کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی، شہریوں سے بھی اپیل کی گئی ہے کہ وہ غیر قانونی پٹرول فروخت کرنے والوں کی نشاندہی کریں تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچا جا سکے۔

بقیہ 34

کراتے ہوئے آغا میر جانی شاہ پولیس کو بتایا کہ بیٹے ملک امیر حمزہ نے بتایا تھا کہ وہ شام کی نماز پڑھنے کے بعد کام سے گلبہار جائے گا، جس کے بعد وہ گھر سے نکلا تاہم واپس نہیں لوٹا۔ انہوں نے بتایا کہ بعد میں اطلاع ملی کہ عیسیٰ خیل جنازہ گاہ کے قریب نامعلوم افراد نے اسے فائرنگ کر کے قتل کر دیا۔ بتایا جا رہا ہے کہ مقتول 40 روز تبلیغ میں گزارنے کے بعد واپس لوٹا تھا جسے قتل کر دیا گیا۔ واقعہ سے متعلق رہزنی کا شبہ بھی ظاہر کیا جا رہا ہے تاہم پولیس کے مطابق واقعہ کا مقدمہ 302 کی دفعہ کے تحت درج کر لیا گیا ہے اور تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ پولیس نے مقتول کے رشتہ داروں اور دوستوں سے بھی تفتیش شروع کر دی جبکہ سی سی ٹی وی کیمروں کی فوٹیج کی چھان بین بھی شروع کر دی ہے۔

بقیہ 35

سرکاری قیمت 9 ہزار روپے فی ہزار اینٹ مقرر ہونے کے باوجود ضلع بھر میں بھٹہ مالکان مبینہ طور پر کھلے عام 18 ہزار سے 22 ہزار روپے فی ہزار اینٹ فروخت کر رہے ہیں، جو نہ صرف حکومتی احکامات کی سنگین خلاف ورزی ہے بلکہ عوامی استحصال کی بدترین مثال بھی بن چکی ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ اینٹوں کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافے نے عام شہریوں کے لیے گھر کی تعمیر ایک خواب بنا دی ہے۔ مزدور طبقہ، چھوٹے ٹھیکیدار، دیہی آبادی اور متوسط طبقہ شدید مالی دباؤ کا شکار ہو چکا ہے جبکہ تعمیراتی شعبے سے وابستہ ہزاروں افراد کے روزگار بھی خطرے میں پڑ گئے ہیں۔ شہریوں کے مطابق اس تمام صورتحال سے مہنگائی کی نئی لہر نے جنم لیا ہے اور روزمرہ زندگی کے مسائل میں مزید اضافہ ہو رہا ہے۔ عوامی و سماجی حلقوں نے الزام عائد کیا ہے کہ ضلعی انتظامیہ اس سنگین مسئلے پر خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ انتہائی تشویشناک امر یہ ہے کہ اسسٹنٹ کمشنرز اور ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب کو متعدد بار شکایات اور درخواستوں کے باوجود کوئی مؤثر کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی، جس کے باعث عوام میں شدید غم و غصہ اور بے چینی پائی جا رہی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ انتظامیہ کی خاموشی نے بھٹہ مالکان کے حوصلے مزید بلند کر دیے ہیں جبکہ مبینہ ملی بھگت کی باتیں بھی زبان زد عام ہیں۔ عوامی و سماجی حلقوں نے حکومتِ پنجاب، کمشنر لاہور ڈویژن اور دیگر اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھٹہ مالکان کے خلاف سخت اور بلاامتیاز کارروائی کی جائے، سرکاری نرخ نامے پر سختی سے عملدرآمد کروایا جائے اور ناجائز منافع خوری و ذخیرہ اندوزی میں ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے تاکہ عوام کو ریلیف مل سکے اور مہنگائی کے اس طوفان پر قابو پایا جا سکے۔

بقیہ 36

بات چیت ہوئی۔ وزیر تعلیم نے تعلیمی اداروں میں جدید طریقوں کے نفاذ، اساتذہ کی تربیت اور نصاب کی بہتری پر زور دیا۔ شارق عزیز میاں اعوان نے اس موقع پر ریٹائرڈ پرنسپل GGHSS نوشہرہ فرحت مشتاق صاحبہ کی کتاب ''وج؟ وجود کائنات'' اور اپنی دو کتب 'شمع؟ فروزاں' اور 'انمول جذبے' وزیر تعلیم کو پیش کیں، جنہیں وزیر تعلیم نے نہ صرف بہت سراہا بلکہ تعلیمی خدمات کے طور پر ان کی کوششوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ مزید برآں سُون ویلی لٹریری سوسائٹی کی جانب سے منسٹر صاحب کو تعریفی سند پیش کی گئی۔ وزیر تعلیم نے شارق عزیز میاں اعوان کی تعلیمی خدمات اور سون ویلی لٹریری سوسائٹی کی علمی و ادبی کاوشوں کو بے حد سراہا اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر سرپرست اعلیٰ سون ویلی لٹریری سوسائٹی ڈاکٹر محمد امتیاز سہیل اعوان صاحب بھی ہمراہ تھے۔ وزیر تعلیم نے شارق عزیز میاں اعوان کو خصوصی تحفے سے نوازا۔

بقیہ 37

خاتون کی لاش کو پوسٹ مارٹم کیلئے ہسپتال کے مردہ خانے منتقل کیا گیا ہے، خاتون کی ویراں بی بی کے نام سے شناخت ہوئی ہے، پولیس نے خاتون کی بیٹی کی مدعیت میں کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔

بقیہ 38

شروع کیں۔ ابتدائی جانچ پڑتال کے دوران معلوم ہوا کہ چوری کی کوئی واردات پیش نہیں آئی بلکہ معاملہ گھریلو لڑائی جھگڑے کا تھا۔ پولیس کے مطابق ملزم محمد نوید کا اپنی اہلیہ راشدہ کے ساتھ جھگڑا ہوا تھا اور وہ اس کے خلاف انتقامی کارروائی کروانے کی نیت سے بوگس کال کر کے پولیس کو گمراہ کرنا چاہتا تھا۔ پولیس نے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔ اس موقع پر سٹی پولیس آفیسر فیصل آباد تنویر حسین نے کہا کہ بوگس کالز کرنے والے افراد نہ صرف عوام بلکہ پولیس کے قیمتی وقت اور وسائل کا ضیاع کرتے ہیں، ایسے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں اور ان کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 39

گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حالیہ صورتحال پر سپریم لیڈر آیت اللہ مجتبیٰ خامنہ ای کیلئے فیلڈ مارشل کا خصوصی خط لیکر آیا ہوں، محسن نقوی نے بتایا کہ حالیہ صورتحال پر آیت اللہ مجتبیٰ خامنہ ای کیلئے وزیراعظم کا بھی پیغام لیکر آیا ہوں۔

بقیہ 40

وسائل سے محروم طبقات کے لیے خصوصی امدادی اور سماجی تحفظ کے پروگرامز متعارف کرائے جائیں، مفت قانونی معاونت کے نظام کو مزید مؤثر بنانے کے لیے خصوصی فنڈز مختص کیے جائیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ وکلاء کے لیے آسان قرضوں، ہیلتھ انشورنس اور ہاؤسنگ سکیموں کا اجراء بھی وقت کی اہم ضرورت ہے، وکلاء فلاحی فنڈ میں اضافہ کر کے پیشہ ورانہ مسائل کے حل میں مدد دی جا سکتی ہے۔ پنجاب بار کونسل کے عہدیداران نے کہا کہ عوام کو سستا اور فوری انصاف فراہم کرنے کے لیے عدالتی انفراسٹرکچر کی بہتری پر خصوصی توجہ دی جائے، بجٹ میں عوامی ریلیف اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے والی پالیسیوں کو ترجیح دی جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مختلف شعبوں میں قانونی خلاء کے حوالے سے وکلاء تنظیموں سے باقاعدہ تجاویز طلب کی جائیں تاکہ ان کی روشنی میں مؤثر قانون سازی کی جا سکے۔ حکومت فوجداری قوانین اور دیگر معاملات پر بھی تجاویز طلب کرے۔ انہوں نے کہا کہ تحقیقاتی نظام، پراسیکیوشن اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے طریقہ کار میں شفافیت کے ذریعے انصاف کی فراہمی کا عمل مزید تیز ہو سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قانونی تعلیم کے معیار، جعلی ڈگریوں کے خاتمے اور وکلاء کے پیشہ ورانہ معاملات پر خصوصی توجہ مرکوز کی گئی ہے۔

بقیہ 41

فروشی کے دھندے میں ملوث ہوتے جا رہے ہیں اور کئی علاقوں میں سرعام منشیات کی خرید و فروخت جاری ہے، جس سے والدین اور شہریوں میں شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ عوام کا کہنا ہے کہ نوجوان نسل تیزی سے منشیات کی لعنت کی لپیٹ میں آ رہی ہے، جس کے معاشرے پر انتہائی منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ عوامی و سماجی حلقوں کے افراد نے کہا ہے کہ منشیات فروشی کے خاتمے کے لیے قائم اداروں کی موجودگی کے باوجود یہ غیر قانونی کاروبار کھلے عام جاری رہنا لمحہ فکریہ ہے۔ شہریوں کا مقف ہے کہ منشیات فروش عناصر کے خلاف مؤثر اور نتیجہ خیز کارروائی نہ ہونے کی وجہ سے ان کے حوصلے بلند ہو رہے ہیں۔ شہریوں نے سی سی ڈی کے سربراہ سہیل ظفر چٹھہ سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف بلاامتیاز کریک ڈاؤن کیا جائے، گلی محلوں اور دیہی علاقوں کے گرد خصوصی نگرانی بڑھائی جائے اور نوجوان نسل کو اس ناسور سے بچانے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں۔ عوامی و سماجی حلقوں نے خبردار کیا ہے کہ اگر منشیات فروشی کے بڑھتے ہوئے رجحان پر فوری قابو نہ پایا گیا تو اس کے معاشرے اور نوجوان نسل پر انتہائی سنگین نتائج مرتب ہوں گے، جس کی ذمہ داری متعلقہ اداروں پر عائد ہوگی۔

بقیہ 42

فرار ہو گیا جس کی تلاش کیلئے تھانہ موترہ پولیس تفتیش میں مصروف ہے۔

بقیہ 43

دیوالیہ کرنے والے تھے، عدم اعتماد کامیاب ہونے کے بعد اقتدار میں آکر مسلم لیگ ن نے اپنی سیاست داؤ پر لگا کر ملک کو پاؤں پر کھڑا کیا آج الحمدللہ پاکستان دنیا بھر میں مقبول اور دنیا گیت گا رہی ہے، پڑوسی ملک بھارت نے جارحیت کی تو پاک فضائیہ نے منہ توڑ جواب دیکر بولتی بند کر دی، اور صدیوں یاد رکھے گی، ن لیگ نے ہمیشہ اصولوں اور وضع داری کی سیاست کی اور عوام کی بہتری و بھلائی کیلئے کام کیا، پاکستان امن پسند ملک ہے اور خطے میں امن کا خواہاں ہے ایران امریکہ جنگ بندی اور پائیدار امن کے قیام کیلئے پاکستان کا تاریخ ساز کردار ادا کر رہا ہے۔

بقیہ 44

واقعات کسی صورت برداشت نہیں کیے جائیں گے، زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت خواتین کے خلاف جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف سخت کارروائیاں کی جا رہی ہیں قانون ہاتھ میں لینے والوں کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی، شہریوں کا تحفظ اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 45

، ڈیجیٹلائزیشن سے اسمبلی کارروائی مزید مؤثر، شفاف اور تیز رفتار ہوگی۔ سپیکر ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ پیپر لیس اسمبلی سے سالانہ کروڑوں روپے کی بچت ممکن ہوگی، کاغذ کے استعمال میں نمایاں کمی سے ماحولیاتی تحفظ میں مدد ملے گی، گرین پارلیمنٹ کا وژن پنجاب اسمبلی میں عملی شکل اختیار کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل اسمبلی وقت، وسائل اور سرکاری اخراجات میں کمی کا باعث بنے گی، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے ارکان اسمبلی کی رسائی اور سہولت میں اضافہ ہوگا، پنجاب اسمبلی دیگر سرکاری اداروں کے لیے رول ماڈل بن رہی ہے، دنیا ڈیجیٹل دور میں داخل ہو چکی، پارلیمانوں کو بھی جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ہونا ہوگا۔ سپیکر ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ پرنٹنگ پریس نے ایک دور میں انقلاب برپا کیا، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی نئے دور کا انقلاب ہے، ڈیجیٹلائزیشن سے حکومتی امور میں شفافیت اور کارکردگی مزید بہتر ہوگی، پنجاب اسمبلی جدید، ماحول دوست اور ٹیکنالوجی سے آراستہ پارلیمان کے طور پر ابھر رہی ہے۔

بقیہ 46

ہو گیا۔ مقتول رشید کی بیٹی ملائکہ نے رضوان نامی نوجوان سے پسند کی شادی کی تھی۔ بعد ازاں مقتول نے رضوان کو اپنے گھر آنے سے منع کر دیا جس پر ملزم دل میں رنجش رکھتا تھا۔ پولیس تحقیقات کے دوران انکشاف ہوا کہ رضوان نے اپنے ساتھیوں وقاص، عمر حیات اور حمزہ کے ساتھ مل کر مقتول کو اغوا کیا اور تشدد کا نشانہ بنا کر قتل کر دیا۔ ملزمان نے قتل کے بعد شواہد مٹانے کی غرض سے مقتول کی نعش گھر کے صحن میں دفن کر دی اور اغوا کا ڈرامہ رچایا۔ تاہم ایس ایچ او ساہیانوالہ آفتاب وسیم نے بلائنڈ مرڈر کیس کو ٹریس کر لیا۔ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے گھر کے صحن سے مقتول کی نعش کی باقیات برآمد کر لیں جبکہ داماد رضوان سمیت چاروں ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سی پی او فیصل آباد تنویر حسین نے کامیاب کارروائی پر پولیس ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ قاتل کتنی ہی چالاکی سے جرم کریں، قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔ انہوں نے کہا کہ گرفتار ملزمان کو قانون کے مطابق سخت سزا دلوائی جائے گی۔

بقیہ 47

سے فرار ہو گئے۔ رپورٹس میں بتایا گیا کہ شکایت کنندہ محمد بلال کی بہن اور وہاڑی سٹی کی رہائشی صوبیہ پروین نے تقریباً 15 سال قبل تحصیل ساہیوال کے چک 65/5-L کے شعبان بھٹی سے شادی کی، جوڑے کے پانچ بچے ہیں۔ پولیس نے کہا کہ مبینہ طور پر گھریلو تشدد ان کی پوری شادہ شدہ زندگی کے دوران جاری رہا، صوبیہ کو مبینہ طور پر اس کے شوہر اور بہنوئی کی طرف سے اکثر بدسلوکی اور شدید مار پیٹ کا نشانہ بنایا گیا۔ چند ماہ قبل اس نے مسلسل تشدد کے باعث اپنے شوہر کا گھر چھوڑ دیا اور اپنے بچوں سمیت شادمان چوک کے قریب کرائے کے مکان میں رہنے لگی۔ وہ خاندان کی کفالت کے لیے گھریلو ملازمہ کے طور پر کام کر رہی تھی۔ گزشتہ روز شعبان اور اس کے بھائی محمد عظیم نے مبینہ طور پر کرائے کے مکان میں گھس کر صوبیہ اور اس کی ایک بیٹی پر پٹرول چھڑک کر انہیں آگ لگا دی۔ ملزمان نے فرار ہونے سے قبل گھریلو سامان کو بھی مبینہ طور پر نذر آتش کیا۔ پڑوسیوں نے ریسکیو 1122 کو اطلاع دی جس نے زخمیوں کو ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال پہنچایا، فریدٹاؤن پولیس نے محمد بلال کی شکایت پر شعبان بھٹی اور محمد عظیم کے خلاف تعزیرات پاکستان کی دفعہ 336، 324 اور 109 کے تحت مقدمہ درج کر لیا، رپورٹ درج ہونے تک پولیس ملزمان کو گرفتار نہیں کر سکی تھی۔

بقیہ 48

سکول کے بچے کھیل کود سے محروم ہیں سکول کی 14 کینال 14 مرلے اراضی پر عرصہ دراز سے مافیا کا قبضہ برقرار، مافیا نے قبضہ کر کے گھر اور پختہ دوکانیں تعمیر کر لیں۔ کئی بار سکول انتظامیہ نے وزیر اعلیٰ پنجاب اور محکمہ تعلیم کو قبضہ مافیا کے خلاف کارروائی کی اپیل کی مگر ہر دور حکومت میں سکول کی جگہ قبضہ مافیا سے واگزار نہ ہو سکی انتظامیہ بااثر گٹھ جوڑ قبضہ مافیا سے جگہ واگزار کرانے سے گریزاں ہے۔ اسی طرح سانگلہ ہل علی ہسپتال سے لے کر شرقی پھاٹک ریلوے تک سالوں پہلے ایک نالہ ہوا کرتا تھا جس کی 11 فٹ جگہ پر بھی قبضہ مافیا نے پختہ تعمیرات کی ہوئی ہیں جبکہ یہ سڑک علی ہسپتال سے لے کر شرقی پھاٹک تک بہت تنگ ہے اور ٹی ایچ کیو ہسپتال سانگلہ ہل اور اے سی آفس سمیت دیگر سرکاری دفاتر میں اسی سڑک سے ہو کر جانا پڑتا ہے سڑک تنگ ہونے کی وجہ سے ٹریفک کی روانگی میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ اہل علاقہ نے ارباب اختیار سے اس سڑک پر واقع سرکاری زمین واگزار کروا کر روڈ کو کشادہ کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ مزید برآں۔ دوسری طرف مافیا نے قبرستانوں کو بھی معاف نہ کیا پرانی کچہری کے قریب لاوارث قبرستان پر بھی بااثر مافیا نے قبریں مسمار کر کے کوٹھیاں تعمیر کر لیں اور مرکزی عیدگاہ کے قبرستان پر بھی عرصہ دراز سے بااثر افراد نے قبضہ کر کے اپنے گھر اور ہسپتال تعمیر کر لیے ہیں، حسین ٹرسٹ ہسپتال سانگلہ ہل کے بااثر مالکان نے گزشتہ کئی دہائیوں سے کئی کینال قبرستان کی جگہ پر قبضہ جما رکھا ہے۔ مزید برآں۔ گورمے بیکری کے ساتھ چھوٹے فواروں کے ساتھ بھی تقریباً 3 مرلہ جگہ پر بااثر قبضہ مافیا نے پختہ تعمیرات کر رکھی ہیں۔ قبضہ مافیا کو سرکاری افسران اور مقامی سیاستدانوں کی پشت پناہی حاصل ہے۔ بااثر مافیا ہر آنے والے مقامی اور ضلعی آفیسر کی اچھی خاصی خاطر تواضع کر کے انہیں اپنی مٹھی میں کر لیا جاتا ہے جس کے باعث ان جگہوں کو مافیا سے واگزار کروانا پنجاب حکومت کیلئے ایک چیلنج نظر آ رہا ہے۔ مزید برآں۔ رپورٹ کے مطابق انتظامیہ کی طرف سے کیے جانے والے تجاوزات کے خلاف گزشتہ ماہ ہونے والے آپریشن کو مقامی عوامی سماجی حلقوں نے من پسند آپریشن اور فوٹو سیشن قرار دیتے ہوئے شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ جبکہ عوامی، سماجی حلقوں کے افراد نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف، کمشنر لاہور اور ڈپٹی کمشنر ننکانہ سے سانگلہ ہل سمیت ضلع بھر میں موجود مذکورہ و دیگر سرکاری اراضیوں کو بااثر قبضہ مافیا سے واگزار کروانے کا مطالبہ کیا ہے کہ ان سرکاری جگہوں کو قبضہ مافیا سے واگزار کروایا جائے تاکہ پنجاب حکومت کا خواب تجاوزات سے پاک صاف ستھرا پنجاب کے نعرے کو عملی جامہ پہنایا جا سکے

بقیہ 49

عوام کو بنیادی سہولیات سے محروم کر کے ان کا استحصال بھی کیا جا رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق متعلقہ انتظامیہ مبینہ طور پر اس صورتحال سے چشم پوشی اختیار کیے ہوئے ہے اور بعض حلقے الزام لگا رہے ہیں کہ غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف کارروائی کے بجائے مفادات حاصل کر کے خاموشی اختیار کی جا رہی ہے، جس سے صورتحال مزید گھمبیر ہوتی جا رہی ہے۔ عوامی نمائندوں اور شہریوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب، کمشنر لاہور، محکمہ بلدیات سمیت دیگر متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اس سنگین معاملے کا فوری نوٹس لیں اور غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ اگر بروقت اقدامات نہ کیے گئے تو نہ صرف شہری مسائل میں اضافہ ہوگا بلکہ قیمتی زر مبادلہ اور عوام کی جمع پونجی بھی ضائع ہونے کا خدشہ ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ ذمہ داران کے خلاف سخت کارروائی کرتے ہوئے شفاف اور منصفانہ نظام کو یقینی بنایا جائے۔ شہریوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ اپنے حقوق کے تحفظ کے لیے آواز بلند کرتے رہیں گے اور کسی بھی قسم کی بدعنوانی یا ناانصافی کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 50

تک غیر ضروری طور پر دھوپ میں نکلنے سے گریز کریں۔

بقیہ 51

ل کرتے ہوئے بجلی چوری میں ملوث عناصر کے خلاف سخت قانونی اقدامات کر رہی ہیں۔ ترجمان آئیسکو کے مطابق سال 2019 سے جاری کریک ڈاؤن کے دوران آئیسکو ریجن میں 3 ہزار 288 بجلی چور پکڑے گئے ایک کروڑ پندرہ لاکھ یونٹس کی مد میں بجلی چوروں کو 59 کروڑ 36 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے اور جرمانوں کی وصولی کا تناسب 94 فیصد رہا جو کے یقینی طور پر بہترین نتائج کی عکاسی کرتا ہے۔ چیف ایگزیکٹو آئیسکو انجینئر چوہدری خالد محمود نے کہا ہے کہ بھرپور مانیٹرنگ جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے بجلی چوری کے ناسور کا خاتمہ کریں گے بجلی چوری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور اس مکروہ عمل میں ملوث افراد کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ بجلی چوری کی نشاندہی ہیلپ لائن نمبر 118 پر کریں اور آئیسکو کا ساتھ دیں تاکہ قومی وسائل کے تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ 52

جی بلال قریشی کے گھر جا کر انہیں فریضہ حج کی ادائیگی پر مبارکباد پیش کی اور پھولوں کے گلدستے دیے۔ اس موقع پر حاجی بلال قریشی کے بھائی انسپکٹر حافظ خلیل رحمان بھی موجود تھے۔ حاجی بلال قریشی نے معزز مہمانوں سے گفتگو کرتے ہوئے حرمین شریفین کے پرنور سفر کے احوال بیان کیے۔ انہوں نے خانہ کعبہ کی حاضری اور مسجد نبوی ﷺ کی پرسرور ساعتوں کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ "اللہ کے گھر اور روضہ رسول ﷺ کی حاضری ایک ایسی روحانی کیفیت ہے جسے لفظوں میں بیان کرنا ممکن نہیں، یہ سفر زندگی کا سب سے یادگار اور پرکیف تجربہ ہے۔ مبارکباد دینے والے معززین نے حاجی بلال قریشی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور ان کی سعادت حج کی قبولیت کے لیے دعا کی۔

پیرافورس بہاولنگران ایکشن، تجاوزات کے خلاف آپریشن

بہاولپور (نیوز ایرا نیٹورک)، پیرا فورس بہاولنگر ان ایکشن، تجاوزات کے خلاف آپریشن، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر بہاولنگر وایس ڈی ای او پیرا فورس بہاول نگر کی سربراہی میں آپریشن کیا گیا۔ موہل چوک بائی پاس تا بہادلی چوک تک عارضی و مستقل تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا گیا۔ اس موقع پر ایس ڈی ای او وسیم حسن راجہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ٹریفک کی روانی بہتر بنانے کے لیے رکاوٹ بننے والی تجاوزات کا خاتمہ کیا گیا۔ کارروائی قانون کے مطابق اور ضابطہ کار کے تحت انجام دی گئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تجاوزات کے خاتمے سے شہر کی خوبصورتی اور نظم و ضبط میں بہتری آئے گی۔

بجلی چوروں کے خلاف کھیرا ٹنگ آئیسکو کا بلا امتیاز کریک ڈاؤن جاری

قومی خزانے کو نقصان پہنچانے والوں کے خلاف آئیسکو کی زیرو ٹالرنس پالیسی

59 کروڑ سے زائد کے جرمانے 3288 بجلی چور گرفتار، چیف ایگزیکٹو آفیسر آئیسکو

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیف ایگزیکٹو آئیسکو انجینئر چوہدری خالد محمود کی خصوصی ہدایات پر آئیسکو ریجن میں بجلی چوروں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کامیابی سے جاری ہے۔ جس سے نہ صرف ادارے کے لائن لاسز میں نمایاں کمی آئی ہے بلکہ ریونیو میں بھی اضافہ رپورٹ ہوا ہے۔ آئیسکو کی خصوصی ٹیمیں روزانہ کی بنیاد پر مختلف اضلاع میں کارروائیاں (بقیہ نمبر 5 1)

حاجی بلال قریشی حج بدل کی سعادت حاصل کر کے وطن واپس پہنچ گئے

نصیر بھٹی اور قمر شہزاد مغل نے انکو مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا

گوجرخان (قمر شہزاد) ٹریفک پولیس گوجرخان کے فرض شناس افسر حاجی بلال قریشی حج بدل کی سعادت حاصل کرنے کے بعد اپنے آبائی علاقے کلیال واپس پہنچ گئے۔ وطن واپسی پر سیاسی، سماجی اور کاروباری شخصیات کی جانب سے انہیں مبارکباد دینے کا سلسلہ جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق، سینئر نائب صدر نصیر احمد بھٹی اور قمر شہزاد مغل نے حا (بقیہ نمبر 52)

شہر کے نکاسیِ آب اور صفائی کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے کے لیے ترقیاتی کام جاری ہیں، جس کے دوران مزدور اپنی جائے کار پر سیمنٹ کے سیوریج پائپ تیار کرنے میں مصروف ہیں۔

کوئٹہ، تیزاب گردی کا شکار ڈاکٹر ماہ نور ناصر کا علاج شروع

ہلاک ملزم کا موبائل فون فرانزک کے لئے بھجوا دیا گیا، پولیس ذرائع

کوئٹہ (یواین پی) تیزاب گردی کا شکار ڈاکٹر ماہ نور ناصر کو کراچی منتقل کر کے علاج شروع کر دیا گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق سول ہسپتال کے جنرل سرجری وارڈ کے لفٹ آپریٹر ہمایوں شاہ کا تعلق ضلع نوشکی (بقیہ نمبر 2 1)

پشاور، تبلیغ پر 40 دن لگا کر واپس آنے والا نوجوان قتل

امیر حمزہ نامی شخص لاپتہ تھا، جس کے بعد اہل خانہ کو لاش ملنے کی اطلاع موصول ہوئی

پشاور (این ای این) پشاور کے علاقے یکہ توت میں نامعلوم مسلح افراد تبلیغ سے واپس آنے والے نوجوان کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق یکہ توت میں نامعلوم افراد نوجوان کو قتل کر کے فرار ہوئے تاہم پولیس فوری طور پر ملزمان کا سراغ اور وجہ جاننے میں ناکام رہی اور نہ ہی کوئی پیشرفت ہو سکی۔ مقتول کے والد غلام صابر نے رپورٹ درج (بقیہ نمبر 4 3)

اسلام آباد: وفاقی دارالحکومت میں غروب آفتاب کے دوران شاہ فیصل مسجد کا ایک دلکش منظر۔

لیٹس ایم سمبلی سے نالہ کروڑوں روپے کی بچت ممکن ہوگی سپیکر پنجاب سمبلی

ارکان اسمبلی کو قانون سازی سے متعلق تمام دستاویزات ڈیجیٹل انداز میں فراہم کی جائیں گی

ڈیجیٹل اسمبلی وقت، وسائل اور سرکاری اخراجات میں کمی کا باعث بنے گی، ارکان اسمبلی کی رسائی اور سہولت میں اضافہ ہوگا

لاہور (این ای این) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں نے اسمبلی ہال کا دورہ کر کے نصب جدید ٹیبلیٹس کا جائزہ لیا۔ 380 ٹیبلٹس یورپین یونین کے آئی پی 5 پروگرام کے تحت پنجاب اسمبلی کو فراہم کئے گئے۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ پنجاب اسمبلی آنے والا اجلاس پیپر لیس ماحول میں منعقد ہوگا۔ ارکان اسمبلی کو قانون سازی سے متعلق تمام دستاویزات ڈیجیٹل انداز میں فراہم کی جائیں گی (بقیہ نمبر 4 5)

لاہور: پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر ڈاکٹر فاروق افضل کو ایم ایس جنرل ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر فریاد حسین، انتظامی ڈاکٹرز کے ہمراہ پھولوں کا گلدستہ پیش کر رہے ہیں۔

فیصل آباد، بیوی پر تشدد کرنے والا ظالم شوہر گرفتار

خواتین پر تشدد اور ہراسگی کے واقعات کسی صورت برداشت نہیں کیے جائیں گے

فیصل آباد (این ای این) فیصل آباد۔ بیوی پر تشدد کرنے والا ظالم شوہر گرفتار جائیداد کی تقسیم کے تنازع پر ملزم عدیل نے بھائی کے ساتھ مل کر بیوی کو تشدد کا نشانہ بنایا متاثرہ خاتون ثمینہ بی بی کی شکایت پر پولیس کا فوری ایکشن، مرکزی ملزم گرفتار کر لیا گرفتار ملزم کے خلاف مقدمہ درج، مزید قانونی کارروائی جاری خواتین پر تشدد اور ہراسگی کے (بقیہ نمبر 4 4)

وفاقی اور پنجاب حکومت معاشی ترقی کیلئے دن رات کوشاں ہے؛ نواز جٹ

مسلم لیگ ن حکومت کی بہتر خارجہ پالیسی سے پاکستان پر سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہوا ہے

رائیونڈ (این ای این) وفاقی اور پنجاب حکومت معاشی ترقی کیلئے دن رات کوشاں ہے؛ نواز جٹ، پنجاب اور پاکستان نے ہمیشہ مسلم لیگ ن کے ادوار میں ترقی کی منازل طے کیئے، مسلم لیگ ن حکومت کی بہتر خارجہ پالیسی سے پاکستان پر سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہوا ہے، مسلم لیگ ن کے سینئر رہنماء چوہدری نواز جٹ ن لیگیوں سے معلاقات کے دوران گفتگو کر رہے تھے، انہوں مزید کہا کہ سابق حکومت نے ملک کو تنہاء اور کنگال کر کے (بقیہ نمبر 3 4)

راولپنڈی: چیئرمین پاکستان تحریک شاد باد ڈاکٹر محمد حنیف مغل اور دیگر رہنما تنظیمی اجلاس میں شریک ہیں۔

فیصل آباد، اندھے قتل کے 4 ملزمان گرفتار

فیصل آباد (یواین پی) فیصل آباد تھانہ سابہانوالہ کے علاقہ میں پولیس نے اندھے قتل کا سراغ لگا کر سسر کے اغوا اور قتل کی واردات پر داماد سمیت چار ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان پولیس طارق جٹ کے مطابق پولیس نے 60 سالہ شہری کے اغوا اور قتل کے اندھے کیس کا معمہ حل کرتے ہوئے داماد سمیت چار ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ انہوں نے بتایا کہ تین سال قبل پسند کی شادی سے جنم لینے والا تنازع ایک لرزہ خیز قتل کی واردات میں تبدیل (بقیہ نمبر 6 4)

ساہیوال، سفاک شوہر نے بہنوئی کیساتھ ملکر بیوی اور بیٹی پر پیٹرول چھڑک کر آگ لگا

ساہیوال (یواین پی) پنجاب کے ضلع ساہیوال کی شادمان کالونی میں ایک خاتون اور اس کی بیٹی کو اس کے شوہر اور بہنوئی نے مبینہ طور پر پٹرول چھڑک کر آگ لگا دی جس سے وہ شدید زخمی ہو گئیں۔ رپورٹ کے مطابق ریسکیو 1122 نے زخمی ماں بیٹی کو علاج کیلئے ساہیوال ینگ ہسپتال منتقل کر دیا۔ عینی شاہدین نے کہا کہ آگ لگنے سے گھر کا فرنیچر اور برتن بھی جل گئے اس سے پہلے کہ ملزمان موقع (بقیہ نمبر 7 4)

دھم تھل کے قریب بھارتی ساختہ 18 پونڈ وزنی اینٹی ٹینک مائن برآمد

نارووال (این ای این) دھم تھل کے قریب بھارتی ساختہ 18 پونڈ وزنی اینٹی ٹینک مائن برآمد، سول ڈیفنس کے بم ڈسپوزل سکواڈ نے مائن ناکارہ بنا کر تحویل میں لے لی، رپورٹ جاری، گذشتہ روز نارووال کے نواح موضع دھم تھل کے قریب بھارتی ساختہ 18 پونڈ وزنی اینٹی ٹینک مائن برآمد ہوا جسے محکمہ سول ڈیفنس کے بم ڈسپوزل سکواڈ نے ناکارہ بنا (بقیہ نمبر 30)

معرکہ حق میں فتح پر دنیا کو پاک فضائیہ کی طاقت اور صلاحیت کا بخوبی اندازہ ہو گیا

رائیونڈ (این ای این) معرکہ حق میں فتح پر دنیا کو پاک فضائیہ کی طاقت اور صلاحیت کا بخوبی اندازہ ہو گیا ہے؛ نواز گذو، 10 مئی آپریشن بنیان المرصوص کی دھاڑ ازلی دشمن کے چھکے چھڑا دینے کے بعد بھارتی میڈیا کو آئینہ دکھایا گیا کہ پاکستان بڑا خود مختار ملک ہے، کسی کا تابع نہیں، صوبے میں قانون سازی بہترین انداز میں جاری ہے اور حکومت گورننس کے ساتھ ساتھ سوشل ریفارمز پر بھی خصوصی توجہ دے رہی ہے، جو ماضی میں کم ہی دیکھنے میں آئی، (بقیہ نمبر 3 1)

محکمہ شہری دفاع کی کارروائیاں، 6 غیر قانونی پٹرول پمپس سربمہر

سیالکوٹ (این ای این) محکمہ شہری دفاع کی کارروائیاں، 6 غیر قانونی پٹرول پمپس سر بمہر، محکمہ شہری دفاع سیالکوٹ نے شہر کے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے چھ غیر قانونی منی پٹرول پمپس کو سربمہر کر کے مالکان کے خلاف مقدمات درج کرا دیئے۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ شہری دفاع کی فیلڈ سٹاف نے رنگپورہ، پکا گڑا، کینٹ (بقیہ نمبر 3 3)

ڈسکہ، تیز رفتار کار نے موٹر سائیکل سوار شہری کو 2 بیٹوں سمیت کچل دیا

حادثے کے نتیجے میں آصف اور اس کا بیٹا رافع زخمی، آیان موقع پر ہی جان کی بازی ہار گیا

آصف نامی شہری اپنے 2 بیٹوں آیان اور رافع کے ہمراہ موٹر سائیکل پر جا رہے تھا

آصف اور رافع کو ریسکیو 1122 کی ٹیم نے زخمی حالت میں سول ہسپتال منتقل کر دیا

ڈسکہ (یواین پی) تیز رفتار نامعلوم کار نے موٹر سائیکل پر سوار شہری کو اس کے 2 بیٹوں سمیت کچل دیا۔ ذرائع کے مطابق تھانہ موتزہ کے علاقہ فضل آباد کے قریب آصف نامی شہری اپنے 2 بیٹوں آیان اور رافع کے ہمراہ موٹر سائیکل پر جا رہے تھا کہ اسی دوران ایک تیز رفتار کار نے انہیں کچل دیا۔ حادثے کے نتیجے میں آصف اور اس کا بیٹا رافع زخمی ہو گئے جبکہ آیان موقع پر ہی جان کی بازی ہار گیا، جاں بحق نوجوان کی عمر 16 سال بتائی گئی ہے۔ آصف اور رافع کو ریسکیو 1122 کی ٹیم نے زخمی حالت میں سول ہسپتال منتقل کر دیا، کار سوار ملزم (بقیہ نمبر 2 4)

ننکانہ صاحب میں منشیات فروشی عروج پر، عوامی حلقے سراپا احتجاج

سی سی ڈی منشیات فروشوں کے آگے بے بس؟ نوجوان نسل خطرے میں ہے

ننکانہ صاحب (یواین پی) ضلع ننکانہ صاحب میں منشیات فروشی کے بڑھتے ہوئے رجحان پر عوامی و سماجی حلقوں نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ اداروں کی کارکردگی پر سوالات اٹھا دیے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیوں کے دعوں کے باوجود ضلع بھر کے گلی محلوں، دیہاتوں اور شہری علاقوں میں منشیات کا کروہ دھندہ بدستور جاری ہے۔ باوثوق ذرائع کے مطابق کم عمر نوجوان بھی منشیات (بقیہ نمبر 1 4)

12 جون تک مختلف شہروں میں ہیٹ ویو کا خدشہ، الرٹ جاری

سندھ اور بلوچستان کے چند اضلاع میں درجہ حرارت اڑتالیس سے اکاون ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ سکتا ہے

پنجاب کے کئی اضلاع میں بھی درجہ حرارت چوالیس سے اڑتالیس ڈگری سینٹی گریڈ تک جانے کا امکان ہے، محکمہ موسمیات

اسلام آباد (این ای این) ملک کے مختلف شہروں میں 12 جون تک ہیٹ ویو کا خدشہ ہے جس کا الرٹ جاری کر دیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق کراچی میں درجہ حرارت چالیس سے تینتالیس ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان رہنے کا خدشہ ہے۔ حکام کے مطابق سندھ اور بلوچستان کے چند اضلاع میں درجہ حرارت اڑتالیس سے اکاون ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ سکتا ہے۔ پنجاب کے کئی اضلاع میں بھی درجہ حرارت چوالیس سے اڑتالیس ڈگری سینٹی گریڈ تک جانے کا امکان ہے۔ خیبر پختونخوا کے میدانی علاقوں میں درجہ حرارت اکتالیس سے چھیالیس ڈگری سینٹی گریڈ تک جا سکتا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق شہری صبح دس سے شام چار بجے (بقیہ نمبر 5 0)

پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی نائب صدر و وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے صحت ڈاکٹر نلسن عظیم کا سابق ایم این اے ڈاکٹر نلسن و دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو۔

ہٹیاں بالا: وادی لیپہ کے گاؤں سید پورہ میں بچے لکڑی کا پل کراس کر رہے ہیں۔

وزیر اعلی پنجاب کا تجاوزات سے پاک صاف ستھرا پنجاب کا خواب شرمندہ تعبیر نہ ہو سکا

سرکاری جگہوں کو قبضہ مافیا سے واگزار نہ کروایا جا سکا

ننکانہ صاحب (یواین پی) سانگلہ ہل کروڑوں روپوں کی سرکاری اراضیوں پر بااثر ٹکڑے قبضہ مافیا نے پٹواری اور متعلقہ محکموں کی مبینہ ملی بھگت کے باعث قبضہ کر لیا۔ رپورٹ کے مطابق گورنمنٹ بوائز ہائی سکول سانگلہ ہل کی 21 کینال 16 مرلہ جگہ جس میں سے سکول کو صرف 7 کینال 2 مرلے جگہ نصیب ہے جس کی وجہ سے (بقیہ نمبر 8 4)

ننکانہ صاحب میں غیر قانونی ہاؤسنگ کالونیوں کی یلغار، شہری پریشان

انتظامیہ کی مبینہ چشم پوشی، کرپشن کے الزامات میں اضافہ

ننکانہ صاحب (یواین پی) ضلع ننکانہ صاحب میں غیر قانونی ہاؤسنگ کالونیوں کی تیزی سے بڑھتی ہوئی تعداد پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مختلف سماجی و عوامی حلقوں نے اعلی حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بغیر منظوری قائم ہونے والی یہ کالونیاں نہ صرف شہری منصوبہ بندی کے اصولوں کی خلاف ورزی ہیں بلکہ (بقیہ نمبر 9 4)

بھتہ مافیا بے قابو مہنگی اینٹوں نے غریب کیلئے گھر بنانا خواب بنا دیا

اینٹوں کی قیمتیں آسمان پر، بھٹہ مالکان کی من مانی عروج پر

سرکاری ریٹ 9 ہزار، فروخت 22 ہزار میں، ضلعی انتظامیہ خاموش تماشائی

ننکانہ صاحب (این ای این) ضلع ننکانہ صاحب بھر میں بھٹہ مالکان کی بے لگام من مانی اور اینٹوں کی قیمتوں میں غیر قانونی اضافے نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے۔ اینٹوں کے نرخ آسمان سے باتیں کرنے لگے ہیں جس کے باعث تعمیراتی سرگرمیاں شدید متاثر ہو رہی ہیں جبکہ غریب اور متوسط طبقہ مہنگائی کے بوجھ تلے بری طرح دب چکا ہے۔ تفصیلات کے مطابق حکومتِ پنجاب کی جانب سے اینٹوں کی (بقیہ نمبر 3 5)

بہاولنگر، گھر کے واش روم سے خاتون کی تشدد زدہ لاش برآمد

بہاولنگر (این ای این) بستی چیزل آباد میں واقع ایک گھر کے واش روم سے خاتون کی تشدد زدہ لاش برآمد ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق خاتون کی لاش کو تحویل میں لے کر تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں، پی ایف ایس اے ٹیم بھی موقع پر پہنچی اور شواہد اکٹھے کئے۔ (بقیہ نمبر 3 7)

شارق عزیز میاں اعوان کی وزیرِ تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات سے ملاقات

وزیرِ تعلیم نے سون ویلی لٹریری سوسائٹی کی علمی و ادبی خدمات کو سراہ دیا

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) مانیٹرنگ آفیسر ضلع خوشاب، مینٹنگ ڈائریکٹر سون ویلی لٹریری سوسائٹی شارق عزیز میاں اعوان کی وزیرِ تعلیم پنجاب، رانا سکندر حیات صاحب سے خصوصی ملاقات ہوئی۔ اس ملاقات میں تعلیم کے فروغ، تعلیمی معیار کی بہتری اور طلبہ کی ترقی پر تفصیلی (بقیہ نمبر 36)

وزیرِ تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات، مانیٹرنگ آفیسر ضلع خوشاب و مینٹنگ ڈائریکٹر سون ویلی لٹریری سوسائٹی شارق عزیز میاں اعوان سے ملاقات کے دوران کتب وصول کر رہے ہیں۔ اس موقع پر سرپرستِ اعلیٰ سون ویلی لٹریری سوسائٹی ڈاکٹر محمد امتیاز سہیل اعوان بھی موجود ہیں۔

بیوی کے خلاف انتقامی کارروائی کے لیے بوگس چوری کی اطلاع دینے والا ملزم گرفتار

پولیس نے ریسکیو 15 پر جھوٹی اطلاع دے کر پولیس کو گمراہ کرنے والے شخص کو گرفتار کر لیا

فیصل آباد (این ای این) پولیس نے تھانہ بٹالہ کالونی کے علاقہ میں بیوی کے خلاف انتقامی کارروائی کے لیے بوگس چوری کی اطلاع دینے والا ملزم گرفتار کر لیا۔ ترجمان پولیس محمد طارق کے مطابق پولیس نے ریسکیو 15 پر جھوٹی اطلاع دے کر پولیس کو گمراہ کرنے والے شخص کو گرفتار کر لیا۔ ملزم محمد نوید نے ریسکیو 15 پر کال کر کے اطلاع دی کہ نامعلوم ملزمان اس کے گھر سے 7 لاکھ روپے نقدی اور موبائل فون چوری کر کے فرار ہو گئے ہیں۔ اطلاع موصول ہونے پر تھانہ بٹالہ کالونی پولیس فوری طور پر موقع پر پہنچی اور واقعے کی تحقیقات (بقیہ نمبر 38)

محسن نقوی کی ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ملاقات

حالیہ صورتحال پر سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای کیلئے فیلڈ مارشل کا خصوصی خط لے کر آیا

تہران (این ای این) پاکستانی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ملاقات کی جس میں سپریم لیڈر کیلئے خصوصی خط پہنچایا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی سے تہران میں ملاقات کی، محسن نقوی نے عباس عراقچی کو سپریم لیڈر آیت اللہ مجتبیٰ خامنہ ای کے لیے خصوصی خط پہنچایا۔ قبل ازیں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ایرانی ہم منصب اسکندر مؤمنی سے ملاقات کے موقع پر میڈیا سے (بقیہ نمبر 39)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

فوری ضرورت

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

عوامی ہوسٹ

اپنے کاروبار کے لیے ویب سائٹ

ہم سے بنوائیں۔

صرف -5000/- روپے میں (یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے)

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ!

ہوسٹنگ پیکج کے فیچرز

- Free .com Domain
- Free SSL Certificate
- 1-Click WordPress Installer
- Unlimited Space & Bandwidth
- Unlimited Email Accounts
- Unlimited MySQL databases
- Unlimited Subdomains
- Latest Version of PHP, MYSQL, and cPanel
- 24/7/365 Support
- 100% Up time Guarantee
- Free/Instant Setup

News Website • Business Website • School Website • TV Channel Website •

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا۔

E-Commerce Website - Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035